باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | منگل 15 ستمبر 2026ء | 2 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 154

dailybalochistanobserver@gmail.com

شہباز شریف
عالمی سطح پر پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا ادراک رکھتا ہے

عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کیلئے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے

موجودہ چیلنجز سے نمٹنے اور خوشحال مستقبل کیلئے بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھنا ضروری ہے، وزیراعظم کا جمہوریت کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی)وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کے فروغ، عوامی رائے کے احترام، انسانی وقار کے تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں، عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کیلئے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جمہوریت کے عالمی دن پر جاری پیغام میں وزیراعظم (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کیلئے ایک کروڑ بطور سیڈ منی دینے کا اعلان کرتا ہوں، جعفر مندوخیل

محکمہ صحت اور تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں

انجمن اسلامیہ کے زیرنگرانی یہ ایک موقر تعلیمی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شاندار طویل تاریخ رکھتا ہے' گورنر بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ میری سب سے گہری ترجیح اور دلچسپی تعلیم ہے۔ میں بہت جلد اسلامیہ یونیورسٹی کا سنگِ بنیاد رکھنے کیلئے یہاں دوبارہ آؤں گا۔ اسی عزم سے پیوستہ ہوکر اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کیلئے ایک کروڑ روپے بطور سیڈ منی دینے کا اعلان کرتا ہوں۔ یہ محض وقتی مالی معاونت نہیں ہے بلکہ ہماری نئی نسل کے روشن مستقبل کی خاطر تعلیم کے ذریعے معاشرے کو تبدیل کرنے کے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی' چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے انڈونیشیا کے نیوی چیف ملاقات کررہے ہیں

لبنانی وزیرداخلہ کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

وزیرداخلہ کا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف

راولپنڈی (این این آئی) لبنان کے وزیرداخلہ نے علاقائی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئیر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ آئین وقانون کی بالادستی کے حوالے سے اہم ہے، طارق فضل چوہدری

احتجاج کے نام پر شہریوں کے معمولاتِ زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ آئین و قانون کی بالادستی کے حوالے سے اہم ہے۔ پیر کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

مانسہرہ، وزیراعظم شہبازشریف کی مدبرانہ قیادت میں ملک معاشی ترقی کی راہ پر گامزن ہے، وفاقی وزیر

مانسہرہ(این این آئی)وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہبازشریف کی مدبرانہ قیادت میں (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

ای سی سی نے وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج کی منظوری دے دی

اسلام آباد(این این آئی)اقتصادی رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج کی منظوری دے دی۔ وزیرخزانہ محمد (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

گھریلو قتل کے مقدمات میں شوہر کو بیوی کی غیرفطری موت کی وضاحت دینا ہوگی، سپریم کورٹ

تاہم حالات و واقعات کی مربوط کڑی اور معقول شواہد کی بنیاد پر جرم ثابت کیا جاسکتا ہے، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قرار دیا ہے کہ گھر میں بیوی کی غیرفطری موت کی صورت میں، جب بنیادی حالات استغاثہ کے حق میں ثابت ہوجائیں تو موت کے حالات کی وضاحت کا قانونی بوجھ شوہر پر منتقل ہوجاتا ہے، ایسے مقدمات میں براہِ راست چشم دید گواہی نایاب ہوتی ہے تاہم حالات و واقعات کی مربوط کڑی اور معقول (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے عوام کے جان و مال اور امن و سکون کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، سرفراز بگٹی

انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر پشین کے کلی سلطان، اثرم، دینار اور گیلو سمیت مختلف علاقوں میں کی جانے والی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشتگردوں کا خاتمہ اور 5 دہشتگردوں کی گرفتاری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر حکمت عملی اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا ثبوت ہے

بلوچستان کے عوام کے جان و مال اور امن و سکون کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، اس مقصد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشین اور قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں بلوچستان پولیس، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن دشمنوں کے عزائم ناکام بنانے کیلئے ناگزیر ہیں ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر پشین کے کلی سلطان، اثرم، دینار اور گیلو سمیت مختلف علاقوں میں کی جانے والی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشتگردوں کا خاتمہ اور 5 دہشتگردوں کی گرفتاری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر حکمت عملی اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا ثبوت ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں سے اسلحہ اور دیگر متعلقہ مواد کی برآمدگی اہم پیش رفت ہے، جبکہ گرفتار عناصر سے تفتیش کے ذریعے دہشتگرد نیٹ ورکس، ان کے سہولت کاروں اور (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے عوام دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں' وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرائت اور مؤثر کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی ریاستی اداروں کے پختہ عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی عکاس ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی کے دوران کمانڈر نقیب سمیت تین دہشت گردوں کو ہلاک کرکے ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

احتجاج کیس، پی ٹی آئی کے 15 اراکین اسمبلی کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی)اسلام آباد کی انسداددہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں پی ٹی آئی کے 3 ایم این ایز اور 12 ایم پی ایز کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔ پیر کو انسداددہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات محمد (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد' وزیراعظم شہبازشریف عوام کیلئے پیٹرولیم پر وزیراعظم خصوصی ریلیف سکیم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان، فتنہ الہندوستان کیخلاف کارروائیاں، کمانڈر سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے، دہشت گردوں سے اسلحہ و بارود بھی برآمد ہوا' ہلاک دہشتگرد فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے

کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے نشانہ بنایا گیا، پشین میں سی ٹی ڈی آپریشن ، 6 مبینہ دہشتگرد مارے گئے

مستونگ / کوئٹہ(این این آئی + سٹاف رپوٹر) سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کیخلاف دومختلف کارروائیوں میں کمانڈر سمیت 9 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ میں کی جانے والی کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے نشانہ بنایا گیا، کمانڈر نقیب سمیت 3 دہشتگرد ہلاک اوران کی گاڑی مکمل طور پرتباہ ہوگئی۔ (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

سانحہ زیارت' جسٹس محمد عامر نواز رانا کی کھلی عدالت میں تحقیقات کی کارروائی

گواہوں کو اپنا بیان مکمل کرنے کے بعد طلب کرنے کیلئے آئندہ ساعت تک ملتوی کردی گئی

کوئٹہ(خ ن)ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تحقیقات کیلئے قائم تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج 14 ستمبر 2026 کو کھلی عدالت میں (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

عوام اب نعروں اور منفی سیاست کے بجائے عملی اقدامات دیکھ رہے ہیں' حاجی علی مدد جتک

آج بلوچستان میں ترقی، تعلیم، صحت، سڑکوں، ٹرانسپورٹ اور روزگار کے منصوبوں پر عملی کام ہو رہا ہے

کوئٹہ(خ ن)صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں جاری ترقی اور خوشحالی کا سفر نام نہاد قوم پرست سرداروں اور نوابوں کو ہضم نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ بطور نگران وزیراعظم پاکستان انوارالحق کاکڑ نے بلوچستان کو ایک تاریخی تحفہ دیا۔ چمن سے کراچی تک خونی شاہراہ کو (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

بحیرہ احمر پر حوثی باغیوں کی بڑی پیش قدمی، 2 اہم جزیروں پر قبضہ کرلیا

صنعا(این این آئی) یمن کے حوثی باغیوں نے بحیرہ احمر کے جنوبی حصے میں مزید اہم جزیروں پر قبضہ کرلیا ہے، جس سے باب المندب کے قریب اہم بحری راستوں پر (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی فیول ریلیف اسکیم سے استفادہ کیسے کیا جائے؟ وزارت نے تفصیلات بتادیں

پروگرام 2 حصوں میں تقسیم ہے، پہلے حصے میں رجسٹرڈ ہونا ہے، آپ نے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سم سے سی این آئی سی نمبر بھیجنا ہے

پھر آپ نے اپنی بائیک یا گاڑی کی رجسٹریشن بتانی ہے، آپ کو اپنے صوبے یا شہر کا بھی بتانا ہے، صوبہ آپ نے وہ ڈالنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزراء نے وزیراعظم شہبازشریف کی فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ پروگرام 2 حصوں میں تقسیم ہے، پہلے حصے میں رجسٹرڈ ہونا ہے، آپ نے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سم سے سی (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

مرک 1122 بلوچستان میں ایک ماڈل ایمرجنسی سروس بن چکی ہے' بخت محمد کاکڑ

یہ۔ حکومت بلوچستان کے تعاون سے ان سروسز کو مزید وسعت دی جائے گی

کوئٹہ(خ ن) صوبائی وزیرصحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حادثات کے فوری رسپانس اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے ایمرجنسی ایمبولینس سروسز کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ ہائی ویز سمیت مختلف مقامات پر حادثات کی صورت میں حکومت بلوچستان کے قائم کردہ مرک 1122 مراکز پر متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرنے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

جمہوریت ہمارے شہدا کی میراث اور آنے والی نسلوں سے ہمارا وعدہ ہے، بلاول بھٹو زرداری

پیپلز پارٹی جمہوریت، آئینی بالادستی، سماجی انصاف، مساوات اور عوام کے حقوق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی/اسلام آباد/لاہور(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جمہوریت محض ایک نظامِ حکمرانی نہیں بلکہ عوام کا یہ حق ہے کہ وہ اپنے نمائندے منتخب، اپنے مستقبل کا تعین اور اقتدار میں موجود افراد کا محاسبہ کرسکیں۔ میڈیا سیل (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

سستا پیٹرول ریلیف اسکیم کے نام پر فراڈ کا خدشہ، وزارت آئی ٹی کا اینٹی فراڈ مہم چلانے کا فیصلہ

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم کی خصوصی سستا پیٹرول ریلیف اسکیم کے نام پر فراڈ کا خطرہ، وزارت آئی ٹی نے عوام کو جعلسازوں سے محفوظ رکھنے کیلئے اینٹی فراڈ مہم چلانے کا (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

نئے صوبوں کے قیام سے علاقائی ترقی کے عمل میں توازن پیدا کیا جا سکتا ہے' بلال کاکڑ

نئے صوبوں کا قیام ملک کی بہتر انتظامی، معاشی اور سماجی ترقی کیلئے ضروری ہے، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ملک کی بہتر انتظامی، معاشی اور سماجی ترقی کیلئے ضروری ہے۔ بڑے انتظامی یونٹس کی تقسیم سے حکومتی اداروں کی کارکردگی بہتر، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی مؤثر اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے عمل کو تیز کیا جاسکتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے انتظامی ڈھانچے کو عوامی ضروریات کے مطابق بہتر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نئے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

امن دشمن عناصر کیخلاف ریاست کی زیرو ٹالرنس پالیسی جاری رہے گی، ظہور بلیدی

بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے سفر میں رکاوٹ بننے والی قوتوں کو ناکام بنایا جائے گا

دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا امن دشمن عناصر کیلئے کاری ضرب ہے' وزیرِ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) وزیرِ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور بلیدی نے مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا امن دشمن عناصر کیلئے کاری ضرب ہے اپنے بیان میں میر ظہور بلیدی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کے ذریعے اپنی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جس پر سیکیورٹی ادارے خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ریاست کے پختہ عزم کی عکاس (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، شاہد رند

گرفتار دہشتگردوں سے تفتیش کے ذریعے ان کے نیٹ ورک، سہولت کاروں اور مستقبل میں کی جانے والی دہشتگرد کارروائیوں سے متعلق اہم معلومات کے حصول میں مدد ملے گی

دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بنیادوں پر مؤثر کارروائیاں امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کیلئے اہم ہیں' معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور

کوئٹہ(خ ن)معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے پشین اور قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں بلوچستان پولیس، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے' ربابہ بلیدی

خواتین اور بچوں کو محفوظ، باوقار اور معاون ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اہم ذمہ داری ہے

کوئٹہ(این این آئی) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پیر کے روز ویمن اینڈ جووینائل ری ہیبلیٹیشن سینٹر کا دورہ کیا اور مرکز کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اے آئی جی جنیڈر اسرار احمد عمرانی اور سینٹر انچارج شازیہ عمران نے صوبائی مشیر کو مرکز (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

حکمران وطاقتور طبقات ملک کے وسائل واختیارات پر قابض، غریب عوام کا خون نچوڑا جارہا ہے' مولانا ہدایت الرحمٰن

ملک میں معاشی ناہمواری، مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی نے عام شہری کی زندگی اجیرن بنا دی ہے

کوئٹہ(این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے حکمران وطاقتور طبقات (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

روس میں منعقدہ ورلڈ یوتھ فیسٹیول، وانگ لسبیلہ کے نوجوانوں کی بھرپور شرکت اور پاکستان کی نمائندگی

عالمی سطح پر نوجوانوں کے درمیان روابط اور دوستی کو فروغ دینے میں بھی مدد مل رہی ہے

اوتھل(این این آئی) روس میں منعقدہ ورلڈ یوتھ فیسٹیول، وانگ لسبیلہ کے نوجوانوں کی بھرپور شرکت اور پاکستان کی نمائندگی، تفصیلات کے مطابق روس کے شہر یکاتیرنبرگ (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

بدعنوانی کے خاتمہ میں طلباء کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں، فرحان یوسف خان

اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے' چیئرمین نیب

کوئٹہ(این این آئی) چیئرمین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے 10 ستمبر 2026 کو بیوٹمز (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل اسلامیہ گرلز کالج کوئٹہ میں منعقدہ تقریب کے شرکاء خطاب کررہے ہیں

URAAN PAKISTAN

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے
مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

ون ٹائم رجسٹریشن کے لیے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے REG لکھ کر space دیں

Step: 1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
Step: 2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
Step: 3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
Step: 4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DDMMYYYY

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر SMS کریں

9771
REG 4650191820545 LHR123 P 30082018

صوبے کے نام کا پہلا حرف:
اسلام آباد I ، آزاد جموں وکشمیر A ، گلگت بلتستان G ، سندھ S ، پنجاب P ، خیبرپختونخوا K ، بلوچستان B

ٹوکن لینے کا طریقہ
رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے
TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔
موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

رعایتی پٹرول کا حصول
ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔

شیڈول:
موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے | ہر ہفتے یک مشت 5 لیٹر | پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں
جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 20 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔
800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان | 10 دن میں ایک مرتبہ یک مشت 10 لیٹر | پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں
جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

- اسلام آباد میں آج سے پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جاسکے گا۔

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارت اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

PID(I)2508-D/26

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بالمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

انڈونیشیا پاکستان کا 3 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

ہیلتھ ایشیا 2026ء کے موقع پر انڈونیشیا اور پاکستان کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون اور تجارتی روابط کے فروغ کیلئے 3 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہو گئے، جن کی مجموعی متوقع مالیت 62 کروڑ 50 لاکھ ڈالر ہے۔ انڈونیشیا میڈیکا کی 3 روزہ سرگرمیوں کے اختتام پر کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل کی جانب سے انڈونیشیا میڈیکا کے وفود کے اعزاز میں دیے گئے عشائیے کے دوران مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ پہلی مفاہمتی یادداشت انڈونیشیا کی ہیپلکی اور پاکستان کی ہیلتھ کیئر ڈیوائسز ایسوسی ایشن کے درمیان، دوسری پی ٹی بورڈن ایگل انڈونیشیا اور ملر اینڈ فپس پاکستان کے درمیان جبکہ تیسری پی ٹی ٹیلی سیہت انڈونیشیا اور ایجوکاسٹ گلوبل پاکستان کے درمیان طے پائی۔ یہ مفاہمتی یادداشتیں محض دستاویزات پر دستخط نہیں بلکہ دونوں ممالک کے صنعتی اداروں اور کاروباری کمپنیوں کے درمیان مضبوط روابط اور عملی تعاون کی جانب اہم قدم ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان ہونے والی بات چیت کو عملی شراکت داری میں تبدیل کرنا اقتصادی سفارت کاری کا بنیادی مقصد ہے۔ ہیپلکی اور ہیلتھ کیئر ڈیوائسز ایسوسی ایشن پاکستان کے درمیان معاہدے کے تحت کاروباری روابط، باہمی مارکیٹ تک رسائی، صنعتی اور ضابطہ جاتی معلومات کا تبادلہ، استعداد کار میں اضافہ، تحقیق و ترقی، ٹیکنالوجی کی منتقلی، پیداواری مشینری، مقامی سطح پر تیاری، مشترکہ منصوبوں اور ڈیجیٹل صحت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ انڈونیشیا کی ہیپل کی طبی آلات کے شعبے سے وابستہ تقریباً 250 اداروں کی نمائندگی کرتی ہے جبکہ پاکستان کی ہیلتھ کیئر ڈیوائسز ایسوسی ایشن کے تقریباً 300 درآمد کنندگان اور مقامی تیار کنندگان اس کے رکن ہیں۔ دیگر 2 مفاہمتی یادداشتوں کے ذریعے بھی انڈونیشیا اور پاکستان کی نجی کمپنیوں کے درمیان براہ راست کاروباری روابط کو وسعت دینے اور نئے تجارتی مواقع پیدا کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔ ان ہونے والی ملاقاتوں اور رابطوں کو عملی کاروباری شراکت داری میں تبدیل کرنے کیلئے فریقین کے ساتھ تعاون جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں ہیلتھ ایشیا میں انڈونیشیا میڈیکا کو مزید وسعت دی جائے گی اور زیادہ کمپنیوں کو پاکستان لاتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔

کیا برکس کوئی تبدیلی لاسکے گی؟

برکس کا تازہ اجلاس انڈیا کے دارالحکومت نئی دہلی میں 12 اور 13 ستمبر 2026 کو منعقد ہوا۔ بھارت کے مشہور کنونشن سینٹر 'بھارت منڈپم' میں ہونے والے اس اجلاس کا بنیادی موضوع 'جدت، تعاون اور پائیداری کی تعمیر کے لئے مضبوط اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔'

مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ، نیوکلیئر مقامات پر حملہ عالمی قوانین کی خلاف ورزی تسلیم کی جائے۔ غزہ، لبنان، سوڈان اور شام میں جنگ بندی کروائی جائے۔ عالمی تجارتی گزرگاہوں کی حفاظت یقینی بنائی جائے۔ تمام اختلافات گفت وشنید سے طے کئے جائیں۔

برکس کا قیام 2006 میں عمل میں لایا گیا تھا۔ ابتداء میں اس کے بنیادی ارکان کی تعداد چار تھی۔ جن میں برازیل، روس، انڈیا اور چین شامل تھے۔ ان بنیادی ممالک کے پہلے حروف سے ہی اس تنظیم کا نام برک Brick تجویز کیا گیا تھا۔ تنظیم کا پہلا اجلاس 2009 میں روس میں منعقد ہوا۔ سال 2010 میں جنوبی افریقہ کی تنظیم میں شمولیت کے بعد اس کا نام برکس BRICKS کر دیا گیا۔ سال 2010 سے لے کر 2025 تک اس تنظیم میں چھ مزید ممالک مصر، ایتھوپیا، ایران، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور انڈونیشیا کی شمولیت سے اب تنظیم کے مستقل ارکان ممالک کی تعداد 11 ہوگئی ہے۔ ایک مضبوط اتحاد کے طور پر سامنے آنے کے لئے بنائی گئی یہ تنظیم اس وقت مشکلات کا شکار ہوگئی، جب تنظیم میں شامل اکثر ممالک کے آپس کے اختلافات سامنے آنے لگے۔ یوں تاحال یہ تنظیم اپنی وہ افادیت قائم نہیں کر پائی ہے؛ جس کی اس تنظیم سے توقع کی جارہی ہے۔

ہر سو ہے تماشہ
عامر لقمان

مثال کے طور پر مصر اور ایتھوپیا جیسے نئے ارکان کے درمیان اپنے علاقائی مسائل ہیں، جنہیں سنبھالنا تنظیم کے لیے ایک کڑا امتحان ہے۔ اسی طرح موجودہ مشرق وسطیٰ کے خطے میں جاری جنگ میں براہ راست ملوث ممالک ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات بھی آپس کے اختلافات کا شکار ہیں، اور فی الحال تنظیم کسی بھی ملک کے مفادات کا تحفظ نہیں کر پا رہی ہے۔ تنظیم کے بنیادی ارکان انڈیا اور چین بھی کئی دہائیوں کے آپسی اختلافات ابھی تک پس پشت نہیں ڈال سکے ہیں۔ دونوں ممالک کے سرحدی تنازعات اور خطے میں اثر و رسوخ بڑھانے کی جنگ برکس کے فیصلوں کو متاثر کرتی رہتی ہے۔

موجودہ اجلاس کے بعد کئے گئے فیصلوں سے بھی کسی بڑی پیش رفت کی امید نظر نہیں آ رہی ہے۔ گو یہ ممالک عالمی تناظر میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی طرف پیش قدمی کرتے ضرور دکھائی دیتے ہیں۔ برکس نے اپنے قیام سے ہی امریکہ اور یورپی ممالک کے یک طرفہ عالمی غلبے کو چیلنج کیا ہے؛ چنانچہ عالمی فیصلوں میں واشنگٹن کے بجائے بیجنگ، ماسکو اور نئی دہلی کی آواز بھی کافی اہم ہوچکی ہے۔

برکس کا سب سے بڑا ہدف عالمی تجارت میں امریکی ڈالر کی اجارہ داری کو ختم کرنا ہے۔ روس، چین اور بھارت اب باہمی تجارت کا 60 فیصد سے زائد حصہ اپنی مقامی کرنسیوں (روپیہ، یوآن، روبل) میں کر رہے ہیں۔ نئی دہلی کانفرنس (2026) میں رکن ممالک کے بینکنگ اور ادائیگیوں کے نظام (جیسے بھارت کا UPI) کو آپس میں جوڑنے پر عملی پیش رفت ہوئی ہے تاکہ مغربی ممالک کے SWIFT نظام پر انحصار ختم کیا جاسکے۔

ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (UAE) کی شمولیت کے بعد دنیا کے خام تیل (Crude Oil) کی پیداوار اور سپلائی کا ایک بہت بڑا حصہ برکس ممالک کے کنٹرول میں آ چکا ہے، لیکن ان ممالک کے آپسی اختلافات کی وجہ سے برکس اس کا خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا پا رہی ہے۔

تنظیم کی طرف سے نیو ڈویلپمنٹ بینک (NDB) کے قیام سے اب تک یہ بینک 32 ارب ڈالر سے زائد کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے قرضے جاری کر چکا ہے۔ یہ غریب ممالک کو ورلڈ بینک کی طرح سخت سیاسی شرائط کے بغیر مالی امداد فراہم کر رہا ہے۔

رکن ممالک کے نوجوانوں اور نئی کمپنیوں کے لیے ایک مشترکہ فنڈ کا قیام بھی تنظیم کا ایک مثبت قدم ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے خوراک کے بحران سے نمٹنے کے لیے 'برکس نیٹ ورک آن ڈیجیٹل ایگریکلچر' کا آغاز بھی برکس کے خواب کی تعبیر گردانی جارہی ہے۔

برکس کی اس توسیع کو امریکہ اور جی 7- (G 7) ممالک اپنے خلاف ایک 'اینٹی ویسٹ' (مغرب مخالف) بلاک کے طور پر دیکھتے ہیں؛ اور اس پر پابندیوں کا دباؤ ڈالتے رہتے ہیں؛ جن میں امریکہ کی طرف سے مختلف ممالک پر عائد پابندیاں اور اضافی ٹیکسوں کا نفاذ بھی شامل ہے

امید کی جاسکتی ہے کہ موجودہ اجلاس کے بعد رکن ممالک آپس کے اختلافات باہمی مشاورت سے طے کر کے اس تنظیم کو آگے لے جانے کو کوششوں کا آغاز کریں گے۔ تاکہ دنیا کی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرسکیں، وگرنہ بہت سے نام کی حد تک قائم تنظیموں میں برکس بھی ایک نام بن کر نہ رہ جائے۔

سندھ طاس معاہدہ پر عالمی عدالت ثالث کا تاریخ ساز فیصلہ

شاہ نواز سیال

نیدرلینڈز کے شہر دی ہیگ کی عالمی عدالت انصاف نے 31 اگست 2026 کو ایک تاریخ ساز فیصلہ سنایا ہے جسے جنوبی ایشیا کی آبی سفارت کاری میں ایک سنگ میل کی حیثیت حاصل ہے مستقل ثالث عدالت کے پانچ رکنی معزز بینچ نے متفقہ طور پر پاکستان کے قانونی موقف کو تسلیم کرتے ہوئے یہ واضح کیا ہے کہ 1960 کا سندھ طاس معاہدہ ایک مستقل اور ناقابل تنسیخ دستاویز ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں وضاحت کی کہ عالمی بینک کی زیرنگرانی طے پانے والے اس معاہدے میں کسی بھی ایک فریق کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ یکطرفہ طور پر اسے معطل، ختم یا اس کی دفعات میں ردوبدل کرے۔ یہ فیصلہ بین الاقوامی قانون کی بالادستی اور دوطرفہ معاہدے کی پاسداری کی سمت میں ایک انتہائی اہم ترین عدالتی پیش رفت سمجھا جارہا ہے۔

گزشتہ سال 22 اپریل 2025 کو جب نئی دہلی کی مودی حکومت نے داخلی، سیاسی مفادات اور بہار کے انتخابات کو سامنے رکھتے ہوئے ایک مبینہ فالس فلیگ آپریشن کا سہارا لیا تھا۔ اس واقعے میں متعدد سیاحوں کی ہلاکت کا الزام روایتی طور پر پاکستان پر عائد کیا گیا۔ جس کے جواب میں اسلام آباد نے فوری اور شفاف مشترکہ تحقیقات کی پیشکش کی تھی۔

اگرچہ بھارت نے اپنے موقف کی تشہیر کے لیے دنیا بھر میں اراکینِ اسمبلی پر مشتمل وفود بھیجے، تاہم عالمی برادری نے شواہد کی عدم موجودگی کے باعث بھارتی بیانیے کو مسترد کر دیا تھا اس سفارتی ناکامی کے بعد دباؤ بڑھانے کے حربے کے طور پر بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا۔

اس تنازعے کی اصل بنیاد ان چھ دریاؤں کا جغرافیائی نیٹ ورک ہے جن کی تقسیم پر یہ معاہدہ قائم ہے۔ مغربی دریاؤں میں دریائے سندھ کا ماخذ تبت میں جھیل مانسرور کے قریب واقع گلیشیئرز ہیں جبکہ دریائے جہلم کشمیر کی وادی میں واقع ویری ناگ چشمے سے نکلتا ہے اور دریائے چناب ہماچل پردیش کے لاہول سپیتی کے مقام پر چندرا اور بھاگا ندیوں کے ملاپ سے بنتا ہے۔ دوسری طرف مشرقی دریاؤں میں دریائے ستلج تبت کی جھیل راکشستال سے جنم لیتا ہے، دریائے راوی ہماچل پردیش کے ہماچل ہمالیہ (روہتانگ پاس) سے نکلتا ہے اور دریائے بیاس بھی روہتانگ پاس کے قریب بیاس کنڈ سے اپنا سفر شروع کرتا ہے۔ ان دریاؤں کے قدرتی بہاؤ کی یہی جغرافیائی حقیقت ان کی سیاسی اہمیت کو متعین کرتی ہے۔

ستمبر 1960 میں اس وقت کے پاکستانی صدر ایوب خان اور بھارتی وزیراعظم جواہر لعل نہرو نے کراچی میں اس تاریخی دستاویز پر دستخط کیے تھے

مہنگائی اور عام آدمی کی مشکلات

خاکسار تبسم کی قلم سے

مہنگائی آج عام آدمی کے لیے ایک اہم مسئلہ بن چکی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے اثرات صرف سفری اخراجات تک محدود نہیں رہتے بلکہ ٹرانسپورٹ، اشیائے خورونوش اور روزمرہ استعمال کی مختلف ضروریات بھی اس سے متاثر ہوتی ہیں۔ اس صورتحال میں محدود آمدن رکھنے والے خاندانوں کے لیے گھریلو بجٹ میں توازن برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔

غریب اور متوسط طبقہ اپنی محدود آمدن میں بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ، بجلی و گیس کے بل، راشن اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث انہیں اپنی ضروریات اور ترجیحات میں توازن قائم کرنا پڑتا ہے۔

ملازم طبقہ بھی مہنگائی کے اثرات سے دوچار ہے۔ تنخواہوں میں اضافہ ہونے کے باوجود روزمرہ اخراجات میں اضافے کی رفتار زیادہ ہو تو آمدن اور اخراجات میں توازن برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح روزانہ سفر کرنے والے طلبہ، مزدور اور ملازمین ٹرانسپورٹ کے بڑھتے ہوئے اخراجات سے براہ راست متاثر ہوتے ہیں۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تبدیلی کا اثر اشیاء کی ترسیل پر بھی پڑتا ہے۔ مال بردار گاڑیوں کے اخراجات بڑھنے سے مارکیٹ تک اشیاء پہنچانے کی لاگت میں اضافہ ہوسکتا ہے، جس کا اثر بالآخر صارفین تک پہنچتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ضروری اشیاء کی قیمتوں اور ٹرانسپورٹ کے معاملات پر مؤثر نظر رکھی جائے۔

حکومت کی جانب سے عوام کو ریلیف دینے اور مہنگائی کے اثرات کم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے اقدامات کا سلسلہ مزید مؤثر انداز میں جاری رہے اور عام آدمی کو درپیش مشکلات کو سامنے رکھتے ہوئے مناسب پالیسیوں کے ذریعے معاشی دباؤ کم کرنے کی کوشش کی جائے۔ ضروری اشیاء کی دستیابی، قیمتوں کی نگرانی اور عوامی سہولت کے لیے متعلقہ اداروں کا کردار بھی اہم ہے۔

عوام کی بنیادی خواہش یہی ہے کہ ضروریاتِ زندگی مناسب اور قابلِ برداشت قیمتوں پر دستیاب ہوں۔ اس مقصد کے لیے حکومت، متعلقہ اداروں، تاجروں اور معاشرے کے دیگر طبقات کو باہمی تعاون کے ساتھ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

مہنگائی ایک پیچیدہ معاشی مسئلہ ہے، جس پر قابو پانے کے لیے مستقل اور متوازن کوششوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومتی اقدامات کے ساتھ معاشرے کے تمام طبقات اپنا کردار ادا کریں تو غریب اور متوسط طبقے کے معاشی مسائل میں کمی لائی جا سکتی ہے اور ایک بہتر اور خوشحال معاشرے کی طرف پیش رفت ممکن ہے۔

☆☆☆☆

مہنگائی کا قیامت خیز طوفان

گازر سلطان

تحریر: ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاذر

"ہر شے مہنگی ہوگئی، جینا ہوا دشوار
پیٹ کی آگ بجھانے کو محتاج ہیں بازار"

ملک بھر کی طرح میلسی کی گلیوں میں آج کل یہی صدا گونج رہی ہے۔ بجلی کا بل، پٹرول کی قیمت اور سبزی کی تھیلی۔ تینوں نے مل کر غریب اور متوسط طبقے کی کمر توڑ دی ہے۔

بازار کا حال پوچھیں تو آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔ پیاز 220 روپے کلو، ٹماٹر 200 روپے کلو۔ سبزی، پھل، آٹا، چینی، گھی، دودھ اور گوشت ہر چیز کی قیمت آسمان کو چھو رہی ہے۔ روز نئی قیمت، روز نیا بہانہ۔

"جب روٹی بھی نصیب نہ ہو، تو عزت کہاں سے آئے
بھوکے پیٹ سیاست نہیں، بس آہیں ہی آئے"

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اب ہفتہ وار نہیں بلکہ ڈیلی بیس پر اضافہ ہو رہا ہے جس نے ٹرانسپورٹ مہنگی کر دی اور اس کا بوجھ سیدھا غریب کے دسترخوان پر گرا ہے۔

بجلی کے ظالمانہ بلوں نے پہلے ہی ہر گھر کا بجٹ تباہ کر رکھا ہے۔ پنکھا چلائیں تو میٹر کی سوئی چیختی ہے، بند کریں تو گرمی کا عذاب۔ ایک طرف لوڈ شیڈنگ، دوسری طرف ہزاروں کا بل۔ اوپر سے گھی اور چینی کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے نے گھر کا نظام درہم برہم کر دیا ہے۔

دو وقت کی روٹی جو کبھی بنیادی حق تھی، آج وہ بھی خواب بن گئی ہے۔ وہ مزدور جو 500 روپے دیہاڑی کماتا ہے، 200 روپے کا پٹرول ڈلوا کر باقی 300 میں پورے گھر کا راشن کیسے پورا کرے؟ متوسط طبقے کا سفید پوش آدمی عزت بچانے کے چکر میں قرضوں تلے دب گیا ہے۔

"محنت کش کی دیہاڑی گئی، بل اور قرضوں کی نظر
حکمرانو بتاؤ ذرا، غریب جئے گا کس کی ڈگر"

سوال یہ ہے کہ ذمہ دار کون؟

ضلعی اور تحصیل انتظامیہ سے پرزور گزارش ہے کہ وہ اشیائے خوردونوش میں فوری کمی لائیں۔ سبزیوں اور گوشت کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے مارکیٹوں میں چھاپے مارے جائیں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف عملی کارروائی کی جائے۔

وفاقی حکومت سے پرزور اپیل ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی روزمرہ اضافے کا سلسلہ ختم کر کے اسے ماہانہ بنیادوں پر مقرر کیا جائے تاکہ عوام کو کچھ استحکام مل سکے۔

حکومت پنجاب سے مطالبہ ہے کہ وہ غریب عوام کو بھرپور ریلیف دینے کے لیے عملی طور پر خصوصی پیکج متعارف کروائے۔ آٹا، گھی، چینی اور دالوں پر سبسڈی دے کر غریب کا چولہا جلانے میں مدد کی جائے۔

"ایوانوں میں بیٹھے ہو، خبر نہیں چولہے کی
غریب کی چیخ سنو، یہ صدا ہے بھوکے کی"

یہ اب صرف معاشی مسئلہ نہیں رہا۔ یہ سماجی المیہ بن چکا ہے۔ جب گھر کا چولہا ٹھنڈا ہو گا تو مایوسی، بے چینی اور جرائم خود جنم لیں گے۔ ایک باپ جب بچوں کو بھوکا سوتا دیکھے گا تو اس کے دل پر کیا گزرے گی؟

صاحب اقتدار سے گزارش ہے کہ ایئر کنڈیشن کمروں سے نکلیں اور میلسی کے بازاروں کا دورہ کریں۔ پوچھیں کہ 220 روپے کلو پیاز اور 200 روپے کلو ٹماٹر خرید کر غریب اپنا گھر کیسے چلائے؟

اگر ابھی ہوش کے ناخن نہ لیے گئے تو مہنگائی کا یہ سیلاب صرف چولہے ہی نہیں بجھائے گا۔ یہ تعلیم، صحت، امن اور پورے سماجی نظام کی بنیادیں ہلا کر رکھ دے گا۔ جب ایک محنت کش اپنے بچوں کی فیس نہیں دے سکے گا، جب ایک ماں دوائی کے پیسے نہ ہونے پر ہسپتال سے مایوس لوٹے گی، جب نوجوان روزگار نہ ملنے پر مایوسی کا شکار ہوگا تو معاشرے میں بے چینی، بدامنی اور جرائم کا راج ہوگا۔

عوام کو ریلیف چاہیے۔ ریلیف فوری چاہیے۔ وعدوں اور تقریروں سے پیٹ نہیں بھرتا۔ آج اگر غریب کو سہارا نہ دیا گیا تو کل یہی مہنگائی کا طوفان سب کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ خدارا، فیصلہ ابھی کریں۔ ورنہ بہت دیر ہو جائے گی۔

☆☆☆☆

منظرنامہ

بلوچستان

بلوچستان میڈیا فورم کا تاریخی مرکزی سیشن

ڈیجیٹل میڈیا پالیسی مسترد، میڈیا سے وابستہ کسی فرد سے ناانصافی برداشت نہیں کریں گے، قیوم بلوچ

بلوچستان کے صحافتی منظرنامے میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر بلوچستان میڈیا فورم کا پہلا مرکزی سیشن کوئٹہ میں مرکزی صدر قیوم بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں بلوچستان کے مختلف اضلاع، ڈویژنوں اور دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں، نامہ نگاروں، رپورٹرز، کالم نگاروں، فوٹوگرافرز، میڈیا کارکنوں اور فورم کے مرکزی و ڈویژنل عہدیداران نے بھرپور شرکت کی۔ مرکزی سیشن میں نہ صرف بلوچستان میڈیا فورم کے تنظیمی ڈھانچے کو مزید منظم اور فعال بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کئے گئے بلکہ صوبے بھر کے صحافیوں کو درپیش مسائل، آزادی صحافت، لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ، میڈیا کارکنوں کے معاشی و پیشہ ورانہ حقوق اور مختلف علاقوں میں صحافیوں کو درپیش مشکلات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں فورم کے آئین و منشور کی منظوری سمیت متعدد اہم تنظیمی امور پر بھی اتفاق رائے کیا گیا۔ مرکزی سیشن میں مرکزی کابینہ، مرکزی عہدیداران، اراکین سینٹرل کمیٹی اور مختلف ڈویژنوں کے عہدیداران نے شرکت کی۔ شرکاء میں مرکزی سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی، مرکزی سیکرٹری جنرل اللہ داد رند، مرکزی نائب صدور شیخ فرید، ندیم بابر مغل، رمضان بھٹو، سلطان کرد، میر صفدر کھوسہ اور صداقت بلوچ، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل محمد علی ہزارہ، مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری حافظ امداد حسین، مرکزی سیکرٹری اطلاعات اصغر بلوچ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر رضا خان بابی، مرکزی سیکرٹری فنانس احمر ندیم، مرکزی سیکرٹری دفتر ذیشان بلوچ، اراکین سینٹرل کمیٹی نعیم بلوچ، خرم شہزاد، عمران مرغزانی، ڈاکٹر وزیر خان مہر، حضور بخش کھوکھر، رمضان زیب، نادر خان رند اور لیاقت علی ڈومکی سمیت دیگر شامل تھے۔ ڈویژنل عہدیداران میں کوئٹہ ڈویژن کے صدر عامر بلوچ، میر عبدالمنان صلاحی، سبی ڈویژن کے صدر گوندا رانجھہ، جنرل سیکرٹری قاضی اسد سندیلہ، نائب صدر راحت حمزہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری رئیس حضور بخش، فنانس سیکرٹری محبوب علی ڈومکی، نصیر آباد ڈویژن کے صدر مشتاق عزیز کھوسہ، جنرل سیکرٹری اسد بلوچ، نائب صدر ارشاد علی ناوڑا، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد مراد گولہ اور فنانس سیکرٹری رحمت اللہ کھوسہ سمیت دیگر عہدیداران شریک ہوئے۔

رپورٹ: ذیشان بلوچ

مرکزی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم کسی فرد، گروہ یا تنظیم کے خلاف نہیں بلکہ صوبے بھر سے وابستہ صحافیوں اور میڈیا کارکنوں کے اجتماعی حقوق کے تحفظ، ان کے مسائل کے حل اور لوکل پرنٹ میڈیا کی بقا کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں صحافت کا کردار انتہائی اہم ہے، کیونکہ یہاں کے دور دراز علاقوں میں مقامی اخبارات، نامہ نگار اور رپورٹرز آج بھی عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور حکومت و انتظامیہ تک عوام کی آواز پہنچانے کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ قیوم بلوچ نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ بلوچستان کے کسی بھی کونے میں میڈیا سے وابستہ کسی فرد کے ساتھ ناانصافی ہوئی تو بلوچستان میڈیا فورم اس کی آواز بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ صحافی خواہ کسی بڑے شہر سے تعلق رکھتا ہو یا کسی دور دراز تحصیل، ضلع یا دیہی علاقے میں اپنے فرائض انجام دے رہا ہو، اس کے بنیادی، قانونی اور پیشہ ورانہ حقوق یکساں اہمیت رکھتے ہیں۔ کسی صحافی کے ساتھ صرف اس بنیاد پر ناانصافی نہیں ہونی چاہئے کہ وہ کسی دور دراز علاقے میں کام کرتا ہے یا کسی بڑے میڈیا ادارے سے وابستہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کو تقسیم کرنے کے بجائے انہیں ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور فورم کا مقصد کسی کے خلاف محاذ آرائی نہیں بلکہ صحافیوں کے اجتماعی مفادات کا تحفظ ہے۔ بلوچستان کے تمام صحافیوں اور میڈیا کارکنوں کو چاہئے کہ وہ ذاتی، گروہی اور علاقائی اختلافات سے بالاتر ہوکر اپنے پیشہ ورانہ حقوق کے لئے متحد ہوں۔ مرکزی سیشن میں حکومت بلوچستان کی جانب سے نافذ کی گئی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی 2026ء پر بھی تفصیلی بحث کی گئی۔ مقررین نے پالیسی کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ شکل میں اس پالیسی کے نتیجے میں لوکل پرنٹ میڈیا سے وابستہ ہزاروں صحافیوں، نامہ نگاروں، رپورٹرز، فوٹوگرافرز اور دیگر میڈیا کارکنوں کے معاشی مفادات اور روزگار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت صحافتی تنظیموں، مقامی اخبارات کے مالکان، ایڈیٹرز، نامہ نگاروں اور میڈیا کارکنوں کے نمائندوں کو اعتماد میں لے کر پالیسی کا ازسرنو جائزہ لے اور ایسی پالیسی تشکیل دی جائے جس سے جدید ڈیجیٹل میڈیا کے ساتھ ساتھ لوکل پرنٹ میڈیا بھی مضبوط ہو۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ڈیجیٹل دور کی ضرورتوں سے انکار نہیں کیا جاسکتا اور جدید ذرائع ابلاغ وقت کی اہم ضرورت ہیں، تاہم ڈیجیٹل میڈیا کے فروغ کے نام پر مقامی اخبارات اور ان سے وابستہ ہزاروں میڈیا کارکنوں کے معاشی حقوق کو نظرانداز کرنا کسی صورت مناسب نہیں۔ بلوچستان کے دور دراز اضلاع میں مقامی اخبارات آج بھی عوامی مسائل کی مؤثر ترجمانی کر رہے ہیں، اس لئے پالیسی سازی میں زمینی حقائق کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

مقررین نے کہا کہ بلوچستان میں مقامی اخبارات محدود وسائل کے باوجود صحافت کا چراغ روشن رکھے ہوئے ہیں۔ ان اخبارات کے نمائندگان دشوار گزار علاقوں میں سفر کر کے خبریں جمع کرتے ہیں، عوامی مسائل اجاگر کرتے ہیں، سرکاری اداروں کی کارکردگی کو رپورٹ کرتے ہیں اور اپنے علاقوں کی آواز صوبائی دارالحکومت اور ملک کے دیگر حصوں تک پہنچاتے ہیں۔ ان نامہ نگاروں کو محض اخباری نمائندہ سمجھنے کے بجائے انہیں صحافتی نظام کا بنیادی ستون سمجھا جانا چاہئے۔ اجلاس میں مختلف علاقوں میں صحافیوں کو انتظامیہ، بعض سرکاری افسران اور دیگر حلقوں کی جانب سے پیش آنے والے مسائل اور نامناسب رویوں پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ صحافی اور انتظامیہ معاشرے کے دو اہم ادارے ہیں اور دونوں کا مقصد عوامی مسائل کے حل اور ریاستی نظام کو بہتر بنانے میں کردار ادا کرنا ہے۔ صحافیوں کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آنا اور انہیں ان کے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے لئے سازگار ماحول فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ں مرکزی سیشن میں مختلف علاقوں کے پریس کلبز میں مخصوص گروہوں کی اجارہ داری کے مسئلے پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ مقررین نے واضح کیا کہ پریس کلبز کسی فرد یا مخصوص گروہ کی ملکیت نہیں بلکہ صحافیوں کے اجتماعی ادارے ہیں۔ پریس کلبز میں تمام حقیقی اور فعال صحافیوں کے لئے مساوی مواقع ہونے چاہئیں اور کسی بھی صحافی کو ذاتی اختلافات یا گروہی سیاست کی بنیاد پر صحافتی اداروں سے دور رکھنا قابل قبول نہیں۔ مقررین نے اس امر پر بھی زور دیا کہ صحافتی اداروں اور پریس کلبز میں جمہوری روایات کو مضبوط بنایا جائے، انتخابات باقاعدگی سے ہوں، صحافیوں کی رائے کا احترام کیا جائے اور اختلاف رائے کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے مثبت صحافتی ماحول کو فروغ دیا جائے۔ بلوچستان جیسے حساس اور وسیع صوبے میں صحافیوں کے درمیان اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس میں مختلف علاقوں کے نامہ نگاروں اور صحافیوں کے خلاف قائم مقدمات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ فورم کے رہنماؤں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ صحافتی فرائض کی انجام دہی کے دوران قائم کئے گئے مقدمات کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور اگر کسی صحافی کے خلاف مقدمہ صرف اس کی صحافتی سرگرمیوں کی بنیاد پر قائم کیا گیا ہے تو اسے فوری طور پر ختم کیا جائے۔ مقررین نے کہا کہ صحافی کو خبر کی بنیاد پر دباؤ، دھمکی یا مقدمے کا سامنا کرنا پڑے تو اس سے نہ صرف ایک فرد متاثر ہوتا ہے بلکہ مجموعی طور پر آزادی صحافت بھی متاثر ہوتی ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی سیکرٹری جنرل اللہ داد رند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فورم کا مرکزی سیشن بلوچستان بھر کے صحافیوں کو ایک مربوط تنظیمی پلیٹ فارم فراہم کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم کی مضبوطی صرف عہدیداران کے ناموں سے نہیں بلکہ فعال رابطے، باہمی اعتماد اور عملی جدوجہد سے ممکن ہے۔ بلوچستان کے مختلف اضلاع اور علاقوں میں موجود صحافیوں کے مسائل کو مرکزی سطح پر اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لئے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔ مرکزی نائب صدور شیخ فرید، ندیم بابر مغل، رمضان بھٹو، سلطان کرد، میر صفدر کھوسہ اور صداقت بلوچ سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کے صحافی مشکلات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ دور دراز علاقوں میں کام کرنے والے نامہ نگاروں کو مناسب معاوضہ، پیشہ ورانہ تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا اداروں، حکومت اور صحافتی تنظیموں کو مل کر ایسا نظام تشکیل دینا چاہئے جس میں صحافت سے وابستہ افراد کو معاشی عدم تحفظ کا سامنا نہ ہو۔ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل محمد علی ہزارہ نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم کا دائرہ کار صوبے کے مختلف علاقوں تک پھیل چکا ہے اور اب ضرورت اس امر کی ہے کہ تنظیمی رابطے کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری حافظ امداد حسین نے تنظیمی معاملات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فورم کے آئین اور منشور کے مطابق تمام فیصلے مشاورت اور اجتماعی اصولوں کے تحت کئے جائیں گے۔ ڈویژنل عہدیداران نے اپنے اپنے علاقوں میں صحافیوں کو درپیش مسائل سے مرکزی قیادت کو آگاہ کیا۔ سبی، مچھ بولان، بھاگ، بختیار آباد، صحبت پور، ڈیرہ مراد جمالی، نصیر آباد، گوادر اور دیگر علاقوں سے آنیوالے نمائندگان نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں صحافیوں کو الگ الگ نوعیت کے مسائل کا سامنا ہے، تاہم ان سب کا بنیادی مسئلہ معاشی عدم تحفظ، پیشہ ورانہ مشکلات، سرکاری اداروں تک رسائی، نامہ نگاروں کے لئے مناسب معاوضہ اور صحافتی آزادی کا تحفظ ہے۔ مرکزی سیشن میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان میں صحافت کو صرف کوئٹہ تک محدود سمجھنا درست نہیں۔ اصل صحافت ان دور دراز علاقوں میں بھی ہو رہی ہے جہاں محدود وسائل کے باوجود صحافی عوامی مسائل کو رپورٹ کرتے ہیں۔ کہیں پانی کا مسئلہ ہے، کہیں صحت اور تعلیم کی سہولیات کا فقدان، کہیں سڑکوں کی حالت خراب ہے، کہیں بجلی اور گیس کے مسائل ہیں، کہیں روزگار کا بحران ہے اور کہیں شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ ان تمام مسائل کو سامنے لانے میں مقامی صحافی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ اگر مقامی اخبارات کمزور ہوں گے تو دور دراز علاقوں کی آواز بھی کمزور ہوگی۔ اس لئے لوکل پرنٹ میڈیا کا تحفظ دراصل عوامی آواز کے تحفظ کے مترادف ہے۔ حکومت کو اشتہارات اور دیگر سرکاری پالیسیوں میں اس حقیقت کو مدنظر رکھنا چاہئے کہ مقامی اخبارات محدود وسائل میں عوامی خدمت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ مرکزی سیشن کے دوران بلوچستان میڈیا فورم کے تنظیمی مستقبل کے حوالے سے بھی مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔ اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ صوبے کے مختلف اضلاع اور ڈویژنوں میں تنظیمی رابطہ مزید فعال کیا جائے گا، صحافیوں کے مسائل کا ریکارڈ مرتب کیا جائے گا، متعلقہ اداروں تک اجتماعی طور پر آواز پہنچائی جائے گی اور ضرورت پڑنے پر قانونی و آئینی طریقہ کار اختیار کیا جائے گا۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کے حقوق، آزادی صحافت، لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ اور میڈیا کارکنوں کے معاشی و پیشہ ورانہ مفادات کے لئے آئین و منشور کے مطابق جدوجہد جاری رکھے گا۔ فورم کا موقف واضح کیا گیا کہ صحافیوں کے مسائل کو سیاسی یا ذاتی مفادات کی عینک سے دیکھنے کے بجائے اسے ایک پیشہ ورانہ اور بنیادی حق کے طور پر تسلیم کیا جائے۔ مرکزی سیشن کی ایک اہم خصوصیت بلوچستان رائٹرز گلڈ ''برگ'' کی جانب سے صحافت اور ادب کے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کی حوصلہ افزائی بھی تھی۔ تقریب میں معروف قبائلی شخصیت اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما میر عبدالرحیم جنگ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ، بلوچستان رائٹرز گلڈ ''برگ'' کے چیئرمین اور بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی نائب صدر شیخ فرید سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ مہمان خصوصی میر عبدالرحیم جنگ، قیوم بلوچ اور شیخ فرید نے صحافت اور ادب کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات میں شیلڈز اور کتب تقسیم کیں۔ اس موقع پر اہل قلم اور صحافیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا گیا کہ معاشرے میں صحافت اور ادب کا کردار کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ اہل قلم اپنے الفاظ، فکر اور مشاہدے کے ذریعے معاشرے میں شعور اجاگر کرتے ہیں، مسائل کی نشاندہی کرتے ہیں اور مثبت تبدیلی کے لئے فکری بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ میر عبدالرحیم جنگ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں صحافت اور ادب کے فروغ کے لئے بلوچستان رائٹرز گلڈ ''برگ'' کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافی، ادیب اور قلم کار معاشرے کے اہم ستون ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی سے نہ صرف موجودہ اہل قلم کی خدمات کو تسلیم کیا جاتا ہے بلکہ نئی نسل کو بھی مطالعہ، ادب اور مثبت صحافت کی طرف آنے کا حوصلہ ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ادبی اور صحافتی سرگرمیوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبے میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد ادب، صحافت، تحقیق اور تخلیقی سرگرمیوں سے وابستہ ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کی صلاحیتوں کو مناسب پلیٹ فارم فراہم کیا جائے۔ انہوں نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی سیشن کو بھی صحافتی برادری کے مسائل کے حوالے سے ایک مثبت اور اہم قدم قرار دیا۔ قیوم بلوچ نے کہا کہ صحافت اور ادب کا ایک دوسرے کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ صحافت معاشرے کے موجودہ مسائل کو سامنے لاتی ہے جبکہ ادب معاشرے کے فکری اور تہذیبی پہلوؤں کو محفوظ کرتا ہے۔ دونوں شعبے معاشرتی اصلاح، شعور کی بیداری اور عوامی مسائل کی نشاندہی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کے حقوق کے ساتھ ساتھ اہل قلم کی حوصلہ افزائی اور مثبت صحافتی و ادبی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے بھی اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ شیخ فرید نے کہا کہ بلوچستان رائٹرز گلڈ ''برگ'' کی ترجیحات میں اہل قلم، صحافیوں اور ادیبوں کی حوصلہ افزائی شامل ہے۔ شیلڈز اور کتب کی تقسیم کا مقصد صرف اعزاز دینا نہیں بلکہ معاشرے میں مطالعہ، ادب اور مثبت صحافت کی اہمیت کو اجاگر کرنا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کتاب معاشرے کی فکری تربیت کا اہم ذریعہ ہے اور نوجوان نسل کو کتاب، مطالعہ اور تحقیق سے جوڑنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ تقریب کے دوران میر عبدالرحیم جنگ نے بلوچستان بھر سے آنے والے صحافیوں کے ساتھ خصوصی نشست میں مختلف موضوعات پر گفتگو بھی کی۔ انہوں نے صحافیوں کے مسائل سنے اور صحافتی برادری کے کردار اور صوبے کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے صحافیوں کے اعزاز میں پرتکلف عصرانہ بھی دیا۔ بلوچستان میڈیا فورم کے پہلے مرکزی سیشن نے یہ واضح کیا کہ صوبے کی صحافتی برادری اپنے مسائل کے حل کے لئے ایک منظم اور اجتماعی آواز کی ضرورت محسوس کرتی ہے۔ فورم کی جانب سے ڈیجیٹل میڈیا پالیسی 2026ء کی مخالفت، لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ کا مطالبہ، نامہ نگاروں کے خلاف مقدمات کے خاتمے کی اپیل، صحافیوں کے ساتھ نامناسب رویوں کی مذمت، پریس کلبز میں اجارہ داری کے خلاف آواز اور صحافیوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کا اعلان اسی اجتماعی سوچ کا اظہار ہے۔ یہ مرکزی سیشن محض ایک تنظیمی اجلاس نہیں بلکہ بلوچستان کے صحافتی حلقوں میں نئے رابطے، نئے عزم اور نئی تنظیمی سمت کی علامت بھی قرار دیا جارہا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع صوبے میں جہاں ایک طرف جدید ڈیجیٹل ذرائع ابلاغ تیزی سے فروغ پا رہے ہیں، وہیں دوسری طرف مقامی اخبارات اور ان سے وابستہ نامہ نگار آج بھی عوامی مسائل کی ترجمانی کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ ایسے میں صحافت کے تمام شعبوں کے درمیان توازن، باہمی احترام اور پیشہ ورانہ حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی سیشن میں شریک صحافیوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ صحافت کی آزادی، صحافیوں کے بنیادی و قانونی حقوق، لوکل پرنٹ میڈیا کی بقا، نامہ نگاروں کے معاشی استحکام اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کیلئے اپنا کردار جاری رکھیں گے۔ فورم کی قیادت نے واضح کیا کہ تنظیم کا مقصد کسی فرد یا گروہ سے ٹکراؤ نہیں بلکہ صحافتی برادری کے اجتماعی مفادات کا تحفظ ہے اور جہاں کہیں بھی کسی صحافی یا میڈیا کارکن کے ساتھ ناانصافی ہوگی، وہاں بلوچستان میڈیا فورم اس کی آواز بن کر سامنے آئے گا۔ مرکزی صدر قیوم بلوچ نے اجلاس کے اختتام پر کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم کا سفر کسی ایک شخصیت یا ایک شہر تک محدود نہیں بلکہ یہ بلوچستان بھر کے صحافیوں کا مشترکہ پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ فورم کے دروازے تمام حقیقی اور فعال میڈیا کارکنوں کیلئے کھلے ہیں اور تنظیمی معاملات میں باہمی مشاورت، اتحاد اور جمہوری اصولوں کو بنیادی حیثیت حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے صحافیوں کے حقوق کیلئے جدوجہد طویل ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں، شرط صرف یہ ہے کہ صحافتی برادری اپنے اجتماعی مفاد پر متحد رہے۔

☆☆☆☆
☆☆

بلوچستان آبزرور

بقیہ 1

عزم کا اظہار ہے۔ اسکے علاوہ میں بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے FSc کے امتحانات میں اسلامیہ کالج کی پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کیلئے ایک ایک لاکھ روپے نقد انعام کا بھی اعلان کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامیہ گرلز کالج میں کی انجمن اسلامیہ بلوچستان کے زیراہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، سردار یحییٰ خان ناصر، پرنسپل اسلامیہ گرلز کالج پروفیسر شائستہ کاکڑ، محمد نعیم احمد خان کے علاوہ اساتذہ اور طلباء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ انجمن اسلامیہ کے زیرنگرانی یہ ایک موقر تعلیمی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شاندار طویل تاریخ رکھتا ہے۔ اسلامیہ بوائز اینڈ گرلز اسکولز اینڈ کالجز سے ہزاروں لوگ فارغ التحصیل ہوئے ہیں جو زندگی کی مختلف شعبوں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح نے اسلامیہ ہائی اسکول کو چھوٹا علی گڑھ قرار دیا۔ معیاری تعلیم کے فروغ کے حوالے سے اسلامیہ تعلیمی ادارے کا اپنا ایک منفرد کردار ہے۔ وقت آپہنچا ہے کہ ہم اسلامیہ کالج کو اسلامیہ یونیورسٹی کا درجہ دے سکیں۔ ہم اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کا نہ صرف منظوری دینگے بلکہ مذکورہ یونیورسٹی کو مستحکم بنانے میں بھرپور کردار بھی ادا کریں گے اور امریکہ سے ڈونرز اور مخیر حضرات بھی لاوں گا اسطرح درس و تدریس کا یہ سلسلہ آگے بھی چلتا رہیگا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ محکمہ صحت اور تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ توقع ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی ملک کی ٹاپ یونیورسٹیز کی فہرست میں شامل ہوگی۔ ایک تعلیم یافتہ لڑکی صرف اپنی تقدیر نہیں بدلتی بلکہ وہ ایک خاندان کی سوچ و اپروچ بدلتی ہے، ایک نسل کی تربیت کرتی ہے اور بالآخر پورے معاشرے کی درست سمت متعین کرتی ہے لہٰذا اب ہمیں آپ کو یہ اعتماد دینا ہوگا کہ آپ اپنے ہر خواب کو حقیقت میں بدل سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا ایک نئے دور میں داخل ہو چکی ہے۔ آج آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل اکانومی، روبوٹکس اور سائنٹفک ریسرچ مستقبل کا نقشہ بنا رہی ہیں لہٰذا آپ آرٹیفیشل انٹیلیجنس، روبوٹکس، کوالٹی ایجوکیشن، جدید مہارت اور سائنسی ریسرچ پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں۔

بقیہ 2

نے کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر عالمی یوم جمہوریت منا رہا ہے۔ یہ دن جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کا فروغ، عوامی رائے کا احترام، انسانی وقار کا تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ جمہوری نظام حکومت میں اختیارات عوام کے منتخب نمائندوں کے ذریعے عوامی بہبود کیلئے استعمال کیے جاتے ہیں۔ پارلیمان ملک کا مرکزی جمہوری ادارہ ہے جو عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان ریاست اور شہریوں کے مابین تعلق کو قانونی شکل میں بیان کرتا ہے۔ آئین کا آرٹیکل 25 ہر شہری کے مساوی حقوق اور قانون کی نظر میں برابری کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ قومی سطح پر آئین پاکستان، وفاق کی تمام اکائیوں، قومی اداروں کے باوقار مقام اور نظم و نسق کو متعین کرتا ہے، پاکستان کا وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام، مفاد عامہ اور اسلامی اساس کے مطابق قانون سازی کا اختیار دیتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عصر حاضر کے بدلتے تقاضوں کی پیش نظر عوامی امنگوں اور عوامی ضروریات کے مطابق قوانین وضع کرنا پارلیمنٹ کے فرائض میں شامل ہے، موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئین پاکستان قومی زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کا واضح عزم کا اظہار کرتا ہے

بقیہ 3

افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار نے پاکستان کے دو روزہ دورے کے دوران جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں شخصیات نے باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی بدلتی ہوئی سیکیورٹی صورتحال اور سیکیورٹی کے شعبے میں دوطرفہ تعلقات مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے سیکیورٹی اداروں کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنایا جائے اور باہمی تعاون کو مزید بڑھایا جائے۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے لبنان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ 4

پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عدالت نے واضح کر دیا کہ سیاسی سرگرمی اور احتجاج کے نام پر ریاستی مشینری کے استعمال کی اجازت نہیں دی جا سکتی، احتجاج کے نام پر شہریوں کی معمولات زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، پی ٹی آئی کی سیاست کا محور آج بھی احتجاج، دھرنے، مارچ اور سڑکوں کی سیاست ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے پی ٹی آئی کو اسلام آباد کی طرف مارچ کرنے کیلئے مینڈیٹ نہیں دیا۔ خیبر پختونخوا کے عوام نے حکومت کو تعلیم، صحت، روزگار اور ترقی پر توجہ دینے کیلئے مینڈیٹ دیا۔ صوبائی حکومت کی ذمہ داری عوامی مسائل کا حل اور امن وامان یقینی بنانا ہے، عوام نے مینڈیٹ حکومت چلانے اور خدمت کرنے کیلئے دیا ہے، احتجاج کرنے کیلئے نہیں۔ خیبر پختونخوا کے عوام اپنے حکمرانوں سے صوبے کی کارکردگی کا حساب مانگ رہے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام پوچھ رہے ہیں کہ ہسپتال، اسکول، سڑکیں، روزگار اور امن وامان کے مسائل کب حل ہوں گے۔

بقیہ 5

مستقبل کے منصوبوں سے متعلق مزید اہم معلومات سامنے آنے کی توقع ہے وزیراعلیٰ نے کارروائی میں حصہ لینے والے بلوچستان پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن کے قیام کیلئے ہمارے جوان جانفشانی اور عزم کے ساتھ فرائض انجام دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے کی ذمہ داری نہیں بلکہ ریاستی اداروں کے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی سے ہی دہشتگرد نیٹ ورکس کا مکمل خاتمہ ممکن ہے۔ بلوچستان حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی صلاحیتوں میں اضافے اور انہیں درکار معاونت کی فراہمی کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشتگردوں، ان کے سہولت کاروں اور معاون نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیوں میں کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 6

سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں سی ٹی ڈی نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فائرنگ کے تبادلے میں 6 مبینہ دہشتگرد ہلاک کر دیے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران 4 اہلکار زخمی بھی ہوئے، ہلاک دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے، دہشت گردوں سے اسلحہ و بارود بھی برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی ترجمان کا کہنا ہے ہلاک دہشتگرد فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے۔

بقیہ 7

گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرائت اور مؤثر کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں۔ دہشت گرد عناصر کے خلاف ایسی کارروائیاں اس عزم کا اظہار ہیں کہ ریاست امن دشمن قوتوں کو بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی اجازت نہیں دے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ امن کے قیام کیلئے سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں اور حکومت ان قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے

بقیہ 8

ملک معاشی ترقی کی راہ پر گامزن ہے، پسماندہ علاقوں میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وہ مانسہرہ کے علاقے چھتر پلین میں 2 کروڑ 50 لاکھ روپے کی لاگت سے 12 رابطہ سڑکوں کی تعمیر کے منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے، اس موقع پر مقامی عمائدین اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنان بھی موجود تھے، سردار محمد یوسف نے کہا کہ رابطہ سڑکوں کی تعمیر سے علاقے کے عوام کو آمدورفت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور ان کے معیار زندگی میں بہتری آئے گی، انہوں نے الزام عائد کیا کہ خیبر پختونخوا میں گزشتہ 15 سال سے برسر اقتدار حکومت نے مانسہرہ سمیت صوبے کے بلدیاتی نمائندوں کو ترقیاتی منصوبوں سے محروم رکھا جس کے باعث عوام بنیادی سہولیات سے مشکلات کا شکار رہے۔

بقیہ 9

اورنگزیب کی زیرصدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں فیول ریلیف سکیم کیلئے 75 ارب روپے کی ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ بھی منظور کی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج کی منظوری دیتے ہوئے کم آمدن والے طبقے کیلئے پٹرول ریلیف سکیم کے تحت موٹرسائیکل اور رکشہ صارفین کو ہفتہ وار 500 روپے جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے صارفین کو ہر 10 روز میں 1000 روپے کا فیول ریلیف دینے کی منظوری دے دی۔ دوسری جانب اعلامیے میں بتایا گیا کہ فیول ریلیف اسکیم صرف غیر کمرشل صارفین کیلئے مختص ہوگی اور ایک صارف یا مالک صرف ایک گاڑی کیلئے ریلیف حاصل کر سکے گا۔ ریلیف کی شفاف فراہمی یقینی بنانے کیلئے ڈیجیٹل فیول پاس سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جسے وزارتِ آئی ٹی تیار اور مینیج کرے گی۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد کم آمدن والے طبقے کو ریلیف دینے کیلئے یہ اقدامات کیے گئے ہیں۔ اجلاس میں پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کی ملکیت اور انتظامی کنٹرول کی تنظیم نو کے فریم ورک کی بھی منظوری دی گئی۔ پی این ایس سی کی تنظیم نو سے متعلق نجکاری وزیر کی سربراہی میں کمیٹی کی سفارشات منظور کر لی گئیں

بقیہ 10

شواہد کی بنیاد پر جرم ثابت کیا جاسکتا ہے۔ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل سپریم کورٹ کے دو رکنی بنچ نے جیل پٹیشن نمبر 41/2023 کا فیصلہ سناتے ہوئے اہلیہ کے قتل کے مقدمے میں ملزم حبیب اللہ کی درخواست مسترد کر دی اور سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا۔ عدالت نے قرار دیا کہ گھریلو تشدد اور گھر میں خواتین کے قتل کے مقدمات مشکل ثبوت والے جرائم کے زمرے میں آتے ہیں کیونکہ یہ جرائم عموماً بند اور نجی ماحول میں ہوتے ہیں جہاں ملزم کو شواہد چھپانے یا جرم کو حادثہ یا خودکشی ظاہر کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ فیصلے کے مطابق ملزم کی اہلیہ عقیلہ بی بی کو 14 ستمبر 2011 کو گھریلو تنازعہ پر ہتھوڑے کے وار کر کے قتل کیا گیا۔ مقتولہ کی کمسن بیٹی نے عدالت کو بتایا کہ واقعہ سے قبل تین روز تک والدین کے درمیان موبائل فون پر شدید جھگڑے ہوتے رہے اور واقعہ کی رات اس نے اپنے والد کو ہتھوڑا گھر لاتے دیکھا جبکہ دونوں کو ایک ساتھ کمرے میں جاتے بھی دیکھا تھا

بقیہ 11

ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی عدالت نے پولیس کی استدعا پر ایم این اے شاہ احد، شیر علی ارباب، زبیر وزیر، ایم پی ایز میں بابر سلیم سواتی، محمد عثمان، آصف محمود، عجب گل و دیگر کے وارنٹ جاری کر دیئے۔

بقیہ 12

تحقیقات کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے ساعت کی۔ سماعت کے دوران عدالت کے لوگوں کی بڑی تعداد پیش ہوئی جن میں عبدالرشید احمد، شکیل بنگلزئی، محمد سلمان، عبدالصمد، مسعود احمد، شعیب بنگال اور حبیب اللہ خان نامزد ملیشن شامل تھے

بقیہ 13

کے بعد ضرورت کے مطابق ٹراما سینٹرز اور دیگر صحت کی سہولیات میں منتقل کیا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم ای آر سی 1122 ہیڈ آفس میں 9 نئی ایمبولینسز کی فراہمی کی تقریب رونمائی اور ایمرجنسی رسپانس سوفٹویئر کے افتتاح کے دوران کیا۔ تقریب سے اپنے خطاب میں ڈی جی ایم ای آر سی 1122 ذوالفقار جتوئی نے کہا کہ جدید ایمبولینسز اور ڈیجیٹل رسپانس سوفٹویئر کے ذریعے ہنگامی صورتحال میں رسپانس ٹائم مزید بہتر ہوگا اور زخمیوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے گی۔ اس موقع پر ڈی جی ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر محمد امین مندوخیل نے کہا کہ محکمہ صحت ایمرجنسی سروسز کو مزید مؤثر بنانے اور صوبے کے دور دراز علاقوں تک بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی ایمبولینس سروس کے بیڑے میں 9 نئی ایمبولینسز شامل کی گئی ہیں جو ایڈوانس لائف سپورٹ کی سہولت سے لیس ہیں۔ ان ایمبولینسز کے اضافے سے سروس کا دائرہ کار مزید وسیع ہوگا اور حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کو بروقت طبی امداد اور محفوظ منتقلی کی سہولت میسر آئے گی۔ جہاں مرکز 1122 کے تمام ریسکیوز 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن انتہائی مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ حادثات کی صورت میں فوری رسپانس کے باعث متعدد قیمتی انسانی جانیں بچائی گئی ہیں۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ہم بہت جلد بلوچستان کے تمام ایمبولینس کو 1122 کے کنٹرول اینڈ کمانڈ میں لا رہے ہیں تاکہ باقی صوبوں کی طرح بلوچستان کے عام عوام ایمبولینس سروس سے مستفید ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سی ایم بلوچستان کے وژن کے مطابق شعبہ صحت میں انقلابی اصلاحات کر رہے ہیں تاکہ ان کے ثمرات عوام تک پہنچیں۔ مرکز 1122 کے ایمرجنسی رسپانس سوفٹویئر کے ذریعے بلوچستان بھر میں موجود ایمبولینسز کی مؤثر ٹریکنگ ممکن ہوگی۔ اس نظام کے تحت کسی بھی ضلع میں موجود ایمبولینس کی موجودہ پوزیشن، دستیابی اور نقل و حرکت کا بروقت معلومات حاصل کیا جاسکے گا، جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں قریب ترین ایمبولینس کو منظم اور مؤثر انداز میں جائے حادثہ پر روانہ کیا جاسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی وسیع و عریض جغرافیائی حدود میں عوام کو بروقت صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ڈیجیٹلائزیشن واحد مؤثر راستہ ہے۔ جدید سوفٹویئر کے ذریعے نہ صرف شفافیت میں اضافہ ہوگا بلکہ ایمبولینسز کی مؤثر مانیٹرنگ، بہتر انتظام اور ہنگامی حالات میں فوری رسپانس کو بھی یقینی بنایا جاسکے گا۔ صوبائی وزیر صحت نے ریسکیو ٹیم، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ، متعلقہ افسران اور فیلڈ میں دن رات خدمات انجام دینے والے تمام مرکز 1122 اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ بلوچستان میں ایک ماڈل ایمرجنسی سروس بن چکی ہے۔ حکومت بلوچستان کے تعاون سے ان سروسز کو مزید وسعت دی جائے گی تاکہ صوبے کے کسی بھی علاقے میں خدانخواستہ حادثے کی صورت میں متاثرین کو بروقت طبی امداد، ابتدائی طبی سہولت اور صحت کے مناسب مرکز تک منتقلی کی سہولت میسر ہو اور قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 14

ہے۔ ملک دشمن عناصر کو بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ میر ظہور بلیدی کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی اداروں کی جدوجہد اور قربانیاں پوری قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں۔ بلوچستان کے عوام کے تحفظ اور صوبے میں امن و استحکام کے قیام کیلئے سیکیورٹی فورسز کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کی زیرو ٹالرنس پالیسی جاری رہے گی اور دہشت گردی کے مکمل سدباب تک کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ 15

این آئی سی نمبر بھیجنا ہے، پھر آپ نے اپنی بائیک یا گاڑی کی رجسٹریشن بتانی ہے، آپ کو اپنے صوبے یا شہر کا بھی بتانا ہے، صوبہ آپ نے وہ ڈالنا ہے جس میں آپ کی گاڑی یا بائیک رجسٹرڈ ہے، تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے، اسکیم سے صرف مستحق ہی مستفید ہوسکیں گے، ٹو ویلر، تھری ویلر اور 800 سی سی تک کی گاڑی والوں کو ریلیف دیا جائے گا، ٹو ویلر کیلئے 20 لٹر پیٹرول پر ریلیف ہے، 800 سی سی تک کیلئے 30 لٹر پیٹرول پر سبسڈی ہے جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے، کیا اچھا ہوتا وہ ماڈل گورننس کی مثالیں سامنے لے کر آتے، بدقسمتی سے ان کی دھرنوں کی کال کھوکھلی کال ہے، پی ٹی آئی اپنے کسی ایک ماڈل پراجیکٹ کی نشاندہی کر دے، پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا میں ساڑھے 12 سالوں میں صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کیا اقدامات کئے؟، پی ٹی آئی والوں کے کھوکھلے نعروں کی کوئی حیثیت نہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ، علی پرویز ملک اور شزہ فاطمہ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے شزا فاطمہ خواجہ نے بتایا کہ ٹو ویلر، تھری ویلر اور 800 سی سی تک کی گاڑی والوں کو ریلیف دیا جائے گا، ٹو ویلر کیلئے 20 لٹر پیٹرول پر ریلیف ہے، 800 سی سی تک کیلئے 30 لٹر پیٹرول پر سبسڈی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ہم نے توازن رکھنا ہے کہ پروگرام سے زیادہ سے زیادہ شہری مستفید ہوسکیں، یہ پروگرام 2 حصوں میں تقسیم ہے، پہلے حصے میں رجسٹرڈ ہونا ہے۔ شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ آپ نے اپنا شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سم سے این آئی سی نمبر بھیجنا ہے، پھر آپ نے اپنی بائیک یا گاڑی کی رجسٹریشن بتانی ہے، آپ کو اپنے صوبے یا شہر کا بھی بتانا ہے، صوبہ آپ نے وہ ڈالنا ہے جس میں آپ کی گاڑی یا بائیک رجسٹرڈ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بائیک یا گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ ضروری ہے، معلومات میں کوئی کمی ہوئی تو میسج آئے گا کہ کیا کمی ہے، یہ پراسس ایک بار ہی کرنا ہے، اس سے آپ رجسٹرڈ ہو جائیں گے، پھر جب آپ پیٹرول لینے جائیں گے تو آپ نے 9771 پر TOK لکھ کر میسج کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنا شناختی کارڈ نمبر یا کوئی بھی ڈیٹا کسی سے بھی شیئر نہیں کرنا، حکومت شہریوں سے نہ کوئی ڈیٹا مانگے گی، نہ ہی کوئی چارجز مانگے گی، اس میں جو بھی غلطیاں ہوں گی ان کو دیکھیں گے اور ٹھیک کرتے جائیں گے۔ اس موقع پر وزیراطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم کی خصوصی ہدایت ہے کہ اس سہولت کے بعد کرایوں میں اضافہ نہ ہو، کفایت شعاری کے لئے بہت سے اقدامات کئے جا رہے ہیں، کچھ کفایت شعاری اقدامات کو جاری رکھا گیا اور کچھ پر جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ 16

صوبوں کے قیام سے نہ صرف عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے کم ہوں گے بلکہ مقامی سطح پر روزگار، سرمایہ کاری، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں ترقی کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر انتظامی تقسیم سے وسائل کی منصفانہ اور مؤثر تقسیم ممکن ہوگی اور دور دراز علاقوں کو ان کے مسائل کے حل کیلئے زیادہ بااختیار بنایا جا سکے گا۔ اس سے مقامی حکومتوں اور انتظامیہ کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا اور عوامی مسائل کے حل کیلئے فیصلہ سازی کا عمل مزید تیز ہوگا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے علاقائی ترقی کے عمل میں توازن پیدا کیا جاسکتا ہے اور پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے میں مزید مؤثر انداز میں شامل کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 17

فیصلہ کر لیا۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے وزارت کو مہم کی تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سستا پیٹرول ریلیف سکیم کے نام پر جعلسازوں کی جانب سے عوام کو فراڈ کا نشانہ بنایا جاسکتا ہے، اس لئے شہریوں کو آگاہی فراہم کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے عوام کو خبردار کیا کہ سستا پیٹرول ریلیف سکیم کے نام پر موصول ہونیوالی مشکوک کالز اور پیغامات پر اعتماد نہ کریں اور کسی کو ذاتی معلومات فراہم نہ کریں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم کی خصوصی ریلیف سکیم میں رجسٹرڈ افراد کی تفصیلات آج جاری کی جائیں گی، رجسٹریشن کے دوران درپیش مشکلات کا بھی ازالہ کیا جارہا ہے

بقیہ 18

ان کی گرفت مزید مضبوط ہوگئی ہے۔ امریکی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثیوں نے گریٹر حنیش اور لیسر حنیش جزیروں کا کنٹرول سنبھال لیا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب سعودی عرب کی حمایت یافتہ یمنی حکومتی فورسز حوثیوں کی حالیہ تیز پیش قدمی کے بعد دوبارہ منظم ہو کر جوابی کارروائی کی کوشش کر رہی ہیں۔ حوثی جنگجو پہلے ہی بحیرہ احمر کے ساحلی شہر موخا اور میون جزیرے سمیت باب المندب کے اطراف میں اہم مقامات پر قبضہ کرچکے ہیں۔ باب المندب دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شامل ہے اور آبنائے ہرمز کے متبادل راستے کے طور پر بھی اہمیت رکھتا ہے

بقیہ 19

ڈبل کرنے کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، جو مکمل ہونے کے بعد بلوچستان میں سفری سہولیات اور معاشی سرگرمیوں کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے دور حکومت میں بھی بلوچستان میں جدید ٹراما سینٹرز، پیپلز ٹرین سروس، گرین بس، پنک بس اور مختلف شعبوں میں متعدد ترقیاتی منصوبوں پر عملی پیش رفت جاری ہے۔ یہ منصوبے اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام کو یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ بلوچستان کے نام پر سیاست کرنے والے قوم پرست سرداروں اور نوابوں نے صوبے کو لاشوں، نفرت اور محرومی کی سیاست کے سوا کیا دیا اس کے برعکس میر سرفراز بگٹی اور سابق نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ جیسے رہنماؤں نے بلوچستان کے نوجوانوں کے ہاتھ میں قلم دیا

بقیہ 20

بلاول ہاؤس سے جاری کردہ بیان کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر اپنے پیغام میں مزید کہا ہے کہ وطنِ عزیز میں جمہوریت کی شمع کو بجھانے کی بارہا کوششوں کے باوجود پیپلز پارٹی سمیت بے شمار جمہوری قوتوں اور سیاسی کارکنوں کی قربانیوں نے اسے روشن رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت ہمارے شہدا کی میراث اور آنے والی نسلوں سے ہمارا وعدہ ہے، قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے عوام کو بااختیار بنانے اور جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے کیلئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ ان کی جدوجہد ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ کوئی بھی قوت عوام کی آواز کو ہمیشہ کیلئے خاموش نہیں کر سکتی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پیپلز پارٹی جمہوریت، آئینی بالادستی، سماجی انصاف، مساوات اور عوام کے حقوق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے تمام جمہوری قوتوں پر زور دیا کہ وہ آمرانہ سوچ کے خلاف متحد رہیں اور آئین، پارلیمان اور اپنے نمائندے منتخب کرنے کے عوام کے حق کا تحفظ کریں

بقیہ 21

کہا ہے کہ دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بنیادوں پر مؤثر کارروائیاں امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کیلئے اہم ہیں۔ اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ پشین کے مختلف علاقوں کلی سلطان، اڑرم، دینار اور گیلو سمیت دیگر مقامات پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کامیاب کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشتگردوں کا خاتمہ اور 5 دہشتگردوں کی گرفتاری قابل تحسین کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ کارروائیوں کے دوران گرفتار دہشتگردوں سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور دیگر متعلقہ مواد کی برآمدگی اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگرد نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر انداز میں کارروائیاں کر رہے ہیں شاہد رند نے کہا کہ گرفتار دہشتگردوں سے تفتیش کے ذریعے ان کے نیٹ ورک، سہولت کاروں اور مستقبل میں کی جانے والی دہشتگرد کارروائیوں سے متعلق اہم معلومات کے حصول میں مدد ملے گی۔ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائیوں کا تسلسل ضروری ہے معاون وزیراعلیٰ نے مشترکہ آپریشن میں حصہ لینے والے بلوچستان پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، جرات اور باہمی رابطہ کاری کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن و امان کے قیام کیلئے قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگرد نیٹ ورکس، ان کے سہولت کاروں اور معاون ڈھانچے کے خلاف کارروائیاں بھرپور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی

بقیہ 22

کے مختلف شعبوں، خواتین اور کم عمر متاثرین کو فراہم کی جانے والی سہولیات، شکایات کے اندراج، قانونی معاونت اور دیگر متعلقہ اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مرکز کے مختلف شعبوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے مختلف امور پر معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین اور بچوں کو محفوظ، باوقار اور معاون ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اہم ذمہ داری ہے۔ خواتین اور کم عمر متاثرین کو بروقت قانونی، سماجی اور ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے کیلئے مؤثر نظام ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ویمن اینڈ جووینائل سیلیٹیشن سینٹر جیسے ادارے خواتین اور بچوں کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں انصاف تک رسائی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

بقیہ 23

ملک کے وسائل اور اختیارات پر قابض ہو کر غریب و مجبور عوام کا خون نچوڑ رہے ہیں۔ حکمران طبقے کی نہ ختم ہونے والی شاہ خرچیاں، مفت خوری اور لوٹ مار جاری ہے، جبکہ عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم لیوی سمیت مختلف ناموں سے نت نئے ٹیکسز اور مالی بوجھ مسلط کیے جا رہے ہیں۔ پٹرولیم مصنوعات پر لیوی سمیت عوام سے وصولیوں کے متعدد ایسے منصوبے شروع کیے گئے ہیں جن کا براہِ راست بوجھ عام آدمی پر پڑ رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ حکمران خود سادگی، قناعت اور کم خرچی اختیار کرنے کے بجائے عوام پر بے شمار اور غیر ضروری ٹیکسز عائد کر رہے ہیں، جس کے نتیجے میں غریب، غریب تر اور امیر، امیر تر ہوتا جا رہا ہے۔ ملک میں معاشی ناہمواری، مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی نے عام شہری کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ عوام اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہیں جبکہ حکمران اشرافیہ قومی خزانے سے مراعات اور عیاشیاں حاصل کر رہی ہے

بقیہ 24

میں جاری ورلڈ یوتھ فیسٹیول 2026 میں پاکستان سے نوجوانوں کی بھرپور شرکت جاری ہے۔ سماجی تنظیم وانگ کے چار نوجوان ابرار احمد روجھو، اسمہ علی، سلمان خان روجھو اور سعید انور روجھو عالمی سطح کے اس اہم یوتھ فیسٹیول میں پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ 11 سے 17 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والے فیسٹیول میں دنیا کے مختلف ممالک سے نوجوان شریک ہیں، جہاں ثقافتی تبادلے، سماجی روابط، نوجوانوں کے کردار، بین الاقوامی تعاون اور مختلف شعبوں میں تجربات کے تبادلے سمیت متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ وانگ کے نوجوان شرکاء بھی فیسٹیول کی مختلف سرگرمیوں میں فعال طور پر حصہ لے رہے ہیں اور پاکستان کی ثقافت، روایات اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو عالمی برادری کے سامنے اجاگر کر رہے ہیں۔ ابرار احمد، اسمہ علی، سلمان خان اور سعید انور کی اس بین الاقوامی فیسٹیول میں شرکت نوجوانوں کیلئے ایک مثبت مثال قرار دی جا رہی ہے۔ ان کی شرکت سے نہ صرف پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر ہو رہا ہے بلکہ عالمی سطح پر نوجوانوں کے درمیان روابط اور دوستی کو فروغ دینے میں بھی مدد مل رہی ہے

بقیہ 25

یونیورسٹی کوئٹہ کے طلباء اور اساتذہ کے ایک وفد نے نیب بلوچستان کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت اسسٹنٹ ڈائریکٹر ظہور احمد نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل نیب (بلوچستان) نیاز حسن نے وفد کا خیر مقدم کیا اور طلباء کو کرپشن کے خلاف معلومات کی فراہمی میں اس طرح کے دوروں کی اہمیت پر زور دیا۔ وفد نے نیب بلوچستان کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نیب کے طریقہ کار، بشمول شکایات کی وصولی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے عمل کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان فرحان یوسف خان نے شرکاء کو اپنے آگاہی لیکچر کے دوران نیب کے طریقہ کار، وژن، مشن اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا

بقیہ 26

خدمات کو عوام تک بروقت اور مؤثر انداز میں پہنچانے کیلئے ڈیجیٹل نظام کو مزید وسعت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وسائل کی شفاف اور منظم مینجمنٹ کیلئے کموڈیٹی مینجمنٹ میں جدید پالیسیوں کو اپنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے عوام کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ فیصلہ ساز اقدامات فوری طور پر نافذ کیے جائیں گے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں مشغول کرنے کیلئے کھیلوں اور یوتھ پروگرامز کو فروغ دیا جائے۔ چیف سیکرٹری نے صوبے میں کھیلوں کے انفراسٹرکچر اور کلچرل ایونٹس کے ذریعے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور سماجی بگاڑ سے بچانے پر خاص توجہ دینے کی بھی ہدایت کی

بقیہ 27

سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مرکز کے مختلف شعبوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے مختلف امور پر معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین اور بچوں کو محفوظ، باوقار اور معاون ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اہم ذمہ داری ہے۔ خواتین اور کم عمر متاثرین کو بروقت قانونی، سماجی اور ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے کیلئے مؤثر نظام ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ویمن اینڈ جووینائل سیلیٹیشن سینٹر جیسے ادارے خواتین اور بچوں کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں انصاف تک رسائی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ایسے مراکز میں سہولیات کی بہتری، ادارہ جاتی تعاون اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 28

حقوق محفوظ ہوں اور ریاستی ادارے عوام کے سامنے جوابدہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات جمہوریت کا اہم حصہ ہیں، لیکن جمہوری طرزِ حکمرانی کو صرف انتخابی عمل تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔ شفافیت، قانون کی بالادستی، مؤثر پارلیمان، آزادانہ رائے، اختلاف کو برداشت کرنے کی سیاسی صلاحیت اور شہریوں کی فیصلہ سازی میں شرکت جمہوریت کو عملی معنی دیتے ہیں۔ نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا کہ قانون سازی کا مقصد محض قوانین کی تعداد میں اضافہ نہیں بلکہ ایسے قانونی اور انتظامی نظام کی تشکیل ہونا چاہیے جو عام شہری کیلئے انصاف اور ریاستی خدمات تک رسائی آسان بنائے۔ جب قانون کا اطلاق بلاامتیاز ہو اور عوام یہ محسوس کریں کہ ان کی شکایات، ضروریات اور رائے حکومتی نظام میں اہمیت رکھتی ہیں تو ریاست اور شہریوں کے درمیان اعتماد مضبوط ہوتا ہے

بقیہ 29

ہے کہ جمہوریت کے لبادے میں آمریت کسی صورت قابلِ قبول نہیں بدقسمتی سے ملک میں جمہوریت، آئین اور پارلیمنٹ عملاً یرغمال بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ووٹ اور مینڈیٹ کی توہین آئینی حدود سے تجاوز اور پارلیمنٹ کو بے اختیار بنانے کے مسلسل رجحان نے ملک کے جمہوری نظام کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ ریاستی معاملات آئین و قانون کے مطابق چلانے کے بجائے غیر جمہوری طرزِ عمل کو فروغ دینا ملک کے مستقبل اور قومی وحدت کے لیے زہر قاتل ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ جمہوریت محض انتخابات کے انعقاد کا نام نہیں بلکہ عوام کے حقِ حکمرانی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کا نام ہے جب عوام کے ووٹ کی حیثیت کمزور پارلیمنٹ بے اختیار اور آئینی حدود پامال ہوں تو جمہوری نظام محض ایک رسمی ڈھانچے تک محدود ہو جاتا ہے

بقیہ 30

کی جانب سے اٹھائے گئے اس اقدام کا مقصد محکمہ کے انتظامی و مالی ڈھانچے کو موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور ایسی آسامیوں کو ختم کرنا ہے جن کا کردار جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کے استعمال کے باعث ختم ہو چکا ہے ذرائع کے مطابق 74 مختلف کیٹیگریز سے تعلق رکھنے والی تقریباً پانچ ہزار پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید 1500 پوسٹوں کو ختم کرنے پر بھی کام جاری ہے۔ یوں محکمہ مواصلات و تعمیرات میں غیر ضروری اور وقت کے ساتھ اپنی افادیت کھونے والی آسامیوں کی تعداد میں مزید کمی متوقع ہے واضح رہے کہ ختم کی جانے والی آسامیوں کا تعلق ان مختلف کیٹیگریز سے ہے جن میں جدید ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے استعمال کے باعث انسانی کردار اور روایتی طریقہ کار کی ضرورت تقریباً مکمل طور پر ختم ہو چکی تھی ماضی میں جن کاموں کیلئے بڑی تعداد میں افرادی قوت اور مخصوص روایتی نوعیت کی پوسٹوں کی ضرورت ہوتی تھی جدید دور میں جدید مشینری اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے باعث ان کاموں کی نوعیت تبدیل ہو گئی ہے۔

بقیہ 31

کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا اور تعمیراتی کام کے معیار، پیش رفت اور دیگر امور کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے اور منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ واضح رہے کہ نیا کمشنر مکران آفس کمپلیکس ڈسٹرکٹ کونسل آفس کے احاطے میں تعمیر کیا جا رہا ہے، جبکہ منصوبے کے تعمیراتی کام کی نگرانی اربن پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کر رہا ہے۔

بقیہ 32

حسین، دیگر فیکلٹی ممبران، سینئر طلبہ اور نئے داخل ہونے والے طلبہ نے شرکت کی۔ تقریب میں طلبہ نے مختلف ثقافتی اور ادبی پروگرام پیش کیے، جن میں شاعری، ڈرامہ، ٹیبلو اور موسیقی شامل تھے۔ طلبہ کی شاندار پیشکشوں نے ان کی تخلیقی صلاحیتوں، اعتماد اور متنوع صلاحیتوں کو اجاگر کیا، جسے شرکائے نے بھرپور سراہا اس موقع پر چیئرپرسن شعبہ کامرس زین العابدین نے نئے طلبہ کو جامعہ گوادر میں تعلیمی سفر کے آغاز پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کامیابی کیلئے تعلیمی محنت، نظم و ضبط، کردار سازی اور ہم نصابی سرگرمیوں میں فعال شرکت ضروری ہے

بقیہ 33

طریقہ کار کو مربوط کرنے کیلئے تجاویز پیش کی گئیں۔ چیف سیکرٹری نے صوبے کے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ آمدنی کے اہداف کو مقررہ مدت میں پورا کرنے کیلئے واضح اور قابلِ عمل حکمت عملیاں مرتب کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل اصلاحات سے نہ صرف ریونیو میں اضافے کا ذریعہ ہیں بلکہ عوام کیلئے شفاف اور مؤثر خدمات فراہم کرنے کا بھی ذریعہ ہیں۔ چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے کہا کہ محکمہ جاتی کارکردگی میں بہتری اور عوامی خدمات کی سہولت کیلئے ڈیجیٹائزیشن ناگزیر ہے

بقیہ 34

ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور زمینداری سے متعلق مختلف مسائل و معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے جیوانی اور گردونواح میں زرعی سرگرمیوں کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ علاقے کی بیشتر زرعی زمینیں بارانی ہیں، جہاں بارشوں کی صورت میں محدود پیمانے پر کاشت کاری ممکن ہوتی ہے، جبکہ سال کے بیشتر عرصے میں زمینیں غیر آباد رہتی ہیں۔ زمینداروں نے غیر آباد اور بارانی زمینوں پر عائد ٹیکس کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکومتِ بلوچستان سے اس معاملے پر زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظرثانی کی درخواست کی ملاقات میں بینظیر کسان گرین کارڈ، زرعی سہولیات، زمینداروں کو درپیش دیگر مسائل اور علاقے میں زرعی سرگرمیوں کے فروغ سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے

بقیہ 35

جانب سے محکمانہ بریفنگ کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ ڈی جی ایکسائز محمد زمان ترین نے کمشنر لسبیلہ کو بریفنگ میں بتایا کہ وزیراعلیٰ ڈرگ فری انیشیٹیو تحت بلوچستان کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے محکمہ ایکسائز کی ٹیمیں کسٹم پاکستان نیوی نارکوٹکس فورس اور دیگر وفاقی اداروں کے تعاون سے جوائنٹ آپریشن میں اہم کامیابیاں حاصل کر رہی ہے حال ہی میں 74 ارب روپے مالیت کی منشیات کی کھیپ گڈانی ساحل سے پکڑی گئی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی جانب سے ادارے کی انٹی نارکوٹکس کارروائیوں کے اعتراف میں تعریفی سند بھی دی گ ہے ڈی جی ایکسائز نے بریفنگ میں بتایا کہ حکومت کی جانب ٹیکس ریونیو کلیکشن کے حوالے سے ہمیں جو ٹارگٹ دیا گیا الحمدللہ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ نے اس اہداف سے بڑھ کر ایک ارب 80 کروڑ کی ریکوری کرلی ہے جن میں 75 کروڑ روپے موٹروہیکل رجسٹریشن 28 کروڑ روپے وائن اسٹور لائسنگ کی مد میں اور 5 کروڑ روہے

بقیہ 36

کے دوران اہم کمانڈر سمیت تین دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی اہلکاروں کی دلاوری اور اعلیٰ حکمت عملی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ آپریشن اس بات کا حتمی ثبوت ہے کہ بلوچستان کی پاک سرزمین پر تخریب کاری، غیر ملکی ایجنڈے اور دہشت گردی کیلئے اب کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔ امن کے دشمن اور بیرونی ایجنٹ چاہے کسی بھی نام یا پناہ گاہ کے پیچھے چھپ جائیں، ریاستی قوت ان کے تمام عزائم کو خاک میں ملانے کیلئے ہر دم تیار ہے۔ مینا مجید بلوچ نے واضح کیا کہ بلوچستان کے غیور عوام صرف اور صرف ترقی، امن اور خوشحالی کے خواہاں ہیں اور کسی بھی شرپسند گروہ کو عوام کے ان حقوق کو یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 37

گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے کہا کہ ضلع چمن میں معیاری تعلیم کے فروغ اور سرکاری اسکولوں میں بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔

بقیہ 38

بتایا گیا کہ عمارت کے اندرونی پلستر کا کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ چار دیواری کی تعمیر بھی مکمل کر لی گئی ہے اور دروازوں کے فریم نصب کیے جا چکے ہیں۔ منصوبوں کے دیگر تعمیراتی مراحل پر بھی کام جاری ہے ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود متعلقہ افسران اور ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں مزید تیزی لانے کیلئے اضافی مزدور تعینات کیے جائیں اور تمام کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں رفتار کے ساتھ ساتھ معیار پر بھی کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور منصوبے میں منظور شدہ نقشے، ڈیزائن، تکنیکی specifications اور مقررہ معیار کے مطابق تعمیراتی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو کام کی باقاعدگی سے نگرانی کرنے اور پیش رفت سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی

بقیہ 39

ایم ڈی لیڈا سے میٹنگ کی اور احکامات جاری کیں کہ حب ڈیم سے کینال تک انڈسٹریل زون، حب شہر اور زرعی ایریاز کو 24 گھنٹے پانی کی فراہمی کے لئے جوائنٹ کمیٹی کی میٹنگ طلب کی جائے اور اس میٹنگ کے توسط سے بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر حب کی صنعتی، زرعی اور شہری ضروریات کے پانی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے سفارشات مرتب کیے جائیں کمشنر لسبیلہ کو اریلیشن حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ حب ڈیم سے بلوچستان کو پانی کی شیئرنگ 140 کیوسک پانی فراہمی کا معاہدہ کیا گیا ہے لیکن پروجیکٹ ڈائریکٹر حب ڈیم واپڈا ہمیں صرف 105 کیوسک پانی دے رہا ہے جس کی وجہ سے پانی کا یہ بحران پیدا ہوا ہے

بقیہ 40

وار اکین سینٹرل کمیٹی نے شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی امور، صحافیوں کے حقوق، لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ اور بلوچستان بھر میں میڈیا کارکنوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ فورم کے آئین و منشور کی منظوری سمیت اہم تنظیمی فیصلے بھی کیے گئے۔ اجلاس سے مرکزی صدر قیوم بلوچ، سیکرٹری جنرل اللہ داد رند، رمضان بھٹو، محمد علی ہزارہ، مشتاق عزیز کھوسہ، شیخ فرید، ڈاکٹر رضا، گوندا راہیجہ، عبدالمنان صلاحی، اصغر بلوچ، اسد سندیلہ اور دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے حکومت بلوچستان کی جانب سے نافذ کی گئی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی 2026ء کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس پالیسی کے نتیجے میں لوکل پرنٹ میڈیا سے وابستہ ہزاروں صحافیوں، نامہ نگاروں، رپورٹرز، فوٹوگرافرز اور دیگر میڈیا کارکنوں کے معاشی حقوق اور روزگار متاثر ہوں گے، لہٰذا صوبائی حکومت فوری طور پر اس پالیسی پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے واپس لے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان میں مقامی اخبارات اور ان سے وابستہ میڈیا کارکن صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوامی مسائل اجاگر کرنے اور حکومت و انتظامیہ تک عوام کی آواز پہنچانے میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں، اس لئے انہیں نظرانداز کرنے کے بجائے ان کے معاشی و پیشہ ورانہ حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 41

ڈائریکٹر ظہور احمد نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل نیب (بلوچستان) نیاز حسن نے وفد کا خیرمقدم کیا اور طلباء کو کرپشن کے خلاف معلومات کی فراہمی میں اس طرح کے دوروں کی اہمیت پر زور دیا۔ وفد نے نیب بلوچستان کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نیب کے طریقہ کار، بشمول شکایات کی وصولی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے عمل کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان جناب فرحان یوسف خان نے شرکاء کو اپنے آگاہی لیکچر کے دوران نیب کے طریقہ کار، وژن، مشن اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلباء سے گفتگو کرتے ہوئے کرپشن کے خاتمے میں اُن کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خود احتسابی پر زور دیا اور کہا کہ اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا اور اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ یہ رویے ہمارے معاشرے میں معمول بن چکے ہیں

بقیہ 42

، بلدیاتی نمائندوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی عوامی حلقوں نے اے سی آفس کے قیام اور پہلے اسسٹنٹ کمشنر کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے جیوانی کے عوام کو سرکاری و انتظامی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آئیں گی، عوامی شکایات کے ازالے اور روزمرہ انتظامی امور کی مؤثر نگرانی میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام جیوانی میں بہتر طرزِ حکمرانی اور عوامی خدمت کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 43

باصلاحیت سیاسی رہنما تھے، جن کی عوامی و سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کا انتقال بلوچستان کیلئے ایک بڑا نقصان ہے حاجی نور محمد دمڑ نے مرحوم کے اہل خانہ اور سوگواران سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت، درجات بلند اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، جبکہ لواحقین کو صبرِ جمیل دے۔ آمین۔

بقیہ 44

خیالات کا اظہار میر نعیم خان عمرانی نے خبر رساں ادارے یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد بلوچستان کا اہم زرعی خطہ ہے جہاں ہزاروں خاندانوں کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے، مگر نہری پانی کی غیر منصفانہ تقسیم نے کسانوں اور کاشتکاروں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال کے نظام میں پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے باعث زرعی زمینیں متاثر، فصلیں تباہ اور کاشتکاروں کا معاشی مستقبل داؤ پر لگ رہا ہے۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن خصوصاً ضلع اوستہ محمد کو ایک سازش کے تحت بنجر بنانے کی کوشش کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ گنداخہ تحصیل کے عوام آج بھی پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہے ہیں۔ چاول کا سیزن گزر جانے کے باوجود پانی کا بحران ختم نہیں ہوا بلکہ گنداخہ کے ٹیل علاقوں تک پینے کا پانی بھی دستیاب نہیں، جو متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی قلت صرف زراعت کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پورے خطے کی معیشت، روزگار اور عوام کے مستقبل کا مسئلہ ہے۔ اگر پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال میں پانی کی شفاف اور منصفانہ تقسیم یقینی نہ بنائی گئی تو اس کے سنگین معاشی و سماجی اثرات مرتب ہوں گے، انہوں نے حکومت اور محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ نہری نظام میں فوری بہتری لائی جائے، پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے اور گنداخہ سمیت نصیر آباد ڈویژن کے ٹیل علاقوں تک زرعی و پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ گنداخہ کے عوام کے دیرینہ پانی کے مسئلے کے خلاف جمعیت علماء اسلام تحصیل گنداخہ کی جانب سے احتجاجی کیمپ کا انعقاد عوامی حقوق کی جدوجہد کا اہم قدم ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ احتجاجی کیمپ میں بھرپور شرکت کر کے اپنے بنیادی حق کے حصول کے لیے متحد ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کے بنیادی حقوق، زراعت کی بحالی اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ عوام کو اپنے حقوق کے حصول کے لیے متحد ہونا ہوگا تاکہ حکومت اور متعلقہ اداروں کو گنداخہ سمیت پورے نصیر آباد ڈویژن کے پانی کے مسئلے کا مستقل حل نکالنے پر مجبور کیا جاسکے

بقیہ 45

سردار شاہجہان نوتیزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر ضلع چاغی کی مجموعی سیاسی و قبائلی اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا علاوہ ازیں سابقہ صوبائی وزیر ریخی میر امان اللہ خان نوتیزئی کی جانب سے مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر و عوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ اور دیگر شخصیات کے اعزاز میں نوتیزئی ہاؤس کراچی میں پر تکلف ظہرانہ بھی دیا گیا

بقیہ 46

جامعہ گوادر ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات رحیم مہر، چیئرپرسن شعبہ کامرس زین العابدین، لیکچرر مجاہد حسین، دیگر فیکلٹی ممبران، سینئر طلبہ اور نئے داخل ہونے والے طلبہ نے شرکت کی۔ تقریب میں طلبہ نے مختلف ثقافتی اور ادبی پروگرام پیش کیے، جن میں شاعری، ڈرامہ، ٹیبلو اور موسیقی شامل تھے۔ طلبہ کی شاندار پیشکشوں نے ان کی تخلیقی صلاحیتوں، اعتماد اور متنوع صلاحیتوں کو اجاگر کیا، جسے شرکاء نے بھرپور سراہا اس موقع پر چیئرپرسن شعبہ کامرس زین العابدین نے نئے طلبہ کو جامعہ گوادر میں تعلیمی سفر کے آغاز پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کامیابی کیلئے تعلیمی محنت، نظم و ضبط، کردار سازی اور ہم نصابی سرگرمیوں میں فعال شرکت ضروری ہے

بقیہ 47

، قبائلی رہنماء ملک دلمراد محمد حسنی، سردار حاجی گل محمد بڑیچ، سمیت دیگر نے سابقہ صوبائی وزیر ریخی میر امان اللہ خان نوتیزئی کی عیادت کی اور ان کی مزاج پرسی کی۔ ممتاز برنس مین مجید خان نوتیزئی، سردار شاہجہان نوتیزئی سمیت دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے

بقیہ 48

اثرات صرف گاڑیوں کے مالکان تک محدود نہیں رہتے بلکہ اس کے نتیجے میں اشیائے خورونوش، ٹرانسپورٹ، ادویات، بجلی، تعمیراتی سامان اور روزمرہ استعمال کی تمام اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے، جس کا براہ راست بوجھ عام شہری برداشت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی عوام سے وصول کیا جانے والا ایک ایسا اضافی مالی بوجھ بن چکا ہے جس کے اثرات ہر طبقے پر مرتب ہو رہے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ عوام کی قوت خرید، آمدن اور موجودہ مہنگائی کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسوں اور لیویز میں کمی کرے، نہ کہ نئے مالیاتی بوجھ عائد کر کے عام آدمی کو مزید مشکلات سے دوچار کیا جائے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ پاکستان میں لاکھوں افراد موٹر سائیکل اور آٹو رکشہ کو اپنی روزی روٹی اور روزمرہ سفر کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ دیہاڑی دار مزدور، طلبہ، چھوٹے کاروباری، دکاندار، ڈرائیور اور کم آمدنی والے خاندان پٹرول کی قیمت میں معمولی اضافے سے بھی شدید متاثر ہوتے ہیں۔

بقیہ 49

پہلی مرتبہ بچیوں کی پیشہ ورانہ تربیت مکمل ہونے پر تقسیم اسناد کی تقریب منعقد کی گئی۔ گورنر بلوچستان ظہور بلیدی نے کہا کہ ایس او ایس ویلج گزشتہ 20 برس سے یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم و تربیت اور باوقار مستقبل کیلئے خدمات انجام دے رہا ہے۔ یتیم اور مستحق بچیوں کیلئے معاشی خود انحصاری کا پروفیشنل ٹریننگ پروگرام لائق تحسین اقدام ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے، خواتین صلاحیتوں میں کسی سے کم نہیں، انہیں مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 50

جا کر ان سے، مرحوم کے صاحبزادے لیفٹیننٹ کرنل سید طیب اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ مشیر وزیراعلیٰ نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ سید خلیل الرحمان مرحوم نے ہمیشہ حق اور سچ کی صحافت کو اپنا شعار بنائے رکھا، بلوچستان کے مظلوم طبقات، مساکین اور غریب عوام کی ترجمانی کی اور ان کے حقوق کیلئے اپنے قلم کے ذریعے ہمیشہ مؤثر آواز بلند کرتے رہے۔ ان کا شمار بلوچستان کے سینئر، سنجیدہ اور باوقار صحافیوں میں ہوتا تھا۔ انہوں نے اپنی طویل صحافتی زندگی کے دوران نہ صرف صحافت کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دیں بلکہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور محروم طبقات کے حقوق کیلئے بھی بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کی صحافتی خدمات، اصول پسندی اور عوامی مسائل کیلئے آواز اٹھانے کا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ بعد ازاں نسیم الرحمان ملاخیل نے سید خلیل الرحمان مرحوم کے بھائی سید احمد علی اور صاحبزادے لیفٹیننٹ کرنل سید طیب کے ہمراہ مرحوم کی قبر پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔

بقیہ 51

سے تا حال گرفتاری اور تحقیقات کے حوالے سے باضابطہ تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ ذرائع کے مطابق مزید تفتیش کے بعد واقعے کے محرکات اور دیگر ملزمان سے متعلق اہم معلومات سامنے آنے کا امکان ہے۔

بقیہ 52

کوچ اور ایل پی جی گیس باؤزر کے مابین ہولناک تصادم کے باعث دونوں گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت دولت خان اور محمد طارق کے ناموں سے ہوئی ہے۔ حادثے کے نتیجے میں مسافر کوچ میں سوار مرد خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی وندر پولیس، موٹر وے پولیس اور ریسکیو MERC سینٹر 1122 وندر کی ایمرجنسی میڈیکل ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق افراد اور زخمیوں کو ریسکیو سینٹر وندر منتقل کیا جہاں زخمیوں کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ شدید زخمیوں کو مزید علاج و معالجہ اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹراما سینٹر کراچی ریفر کر دیا گیا۔ حادثے کے بعد جائے وقوعہ پر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی جبکہ وندر پولیس اور موٹروے پولیس نے امدادی کارروائیوں کے دوران ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کے لیے اقدامات کیے۔ وندر پولیس نے ضابطے کی ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دیں۔ دوسری جانب حادثے کے باعث کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 پر ٹریفک کی روانی کئی گھنٹوں تک معطل رہی جس کے باعث دونوں جانب گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں اور ہزاروں مسافر بھوکے پیاسے پھنسے رہے۔

بقیہ 53

سنا جائے اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔ بلوچستان کے عوام کو سردار اختر جان مینگل سے محبت کی سزا دی جا رہی ہے، عوام جس سیاسی قیادت پر اعتماد کرتے ہیں، اس کے مینڈیٹ اور عوامی جذبات کا احترام کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی جانب سے صوبے کے مختلف علاقوں سے کوئٹہ آنے والے صحافیوں کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر عبدالرحیم جنگ نے کہا کہ بلوچستان ایک حساس اور اہم صوبہ ہے، یہاں کے حالات کو مزید تجربات اور غیر مؤثر پالیسیوں کے ذریعے پیچیدہ بنانے کے بجائے سیاسی مفاہمت، باہمی اعتماد اور عوامی شمولیت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کے عوام اپنے حقوق، وسائل، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کے حوالے سے جائز مطالبات رکھتے ہیں، ان مطالبات کو طاقت یا دباؤ کے بجائے مذاکرات اور جمہوری طریقے سے حل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سردار اختر جان مینگل نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے حقوق اور صوبے کے مسائل کو سیاسی اور جمہوری انداز میں اجاگر کیا ہے۔ بلوچستان کے عوام کی ان سے وابستگی اور محبت کو کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ عوامی جذبات کا احترام کرنا ہی سیاسی استحکام کی بنیاد ہے، جبکہ عوامی مینڈیٹ اور سیاسی آوازوں کو کمزور کرنے کی کوششیں مسائل کو حل کرنے کے بجائے مزید پیچیدہ کرتی ہیں۔ میر عبدالرحیم جنگ نے صحافیوں کے کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے کا سب سے اہم طبقہ ہے جو عوام اور حکومتی اداروں کے درمیان رابطے کا کردار ادا کرتا ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں صحافی انتہائی مشکل حالات میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں اور دور دراز علاقوں کے مسائل کو اجاگر کر کے انہیں ایوان اقتدار تک پہنچاتے ہیں۔ صحافیوں کے حقوق، تحفظ اور آزادی اظہار کا دفاع ہر جمہوری معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے صحافی محدود وسائل کے باوجود عوامی مسائل کو رپورٹ کر رہے ہیں، ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ مقامی اخبارات اور علاقائی صحافت کو درپیش مشکلات کا خاتمہ، صحافیوں کے معاشی مسائل کا حل اور انہیں پیشہ ورانہ تحفظ فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے اور صحافت کو آزاد ماحول فراہم کیے بغیر معاشرے میں حقیقی اصلاحات ممکن نہیں۔ میر عبدالرحیم جنگ نے کہا کہ بلوچستان کے مستقبل کا فیصلہ یہاں کے عوام کی خواہشات، جمہوری اصولوں اور سیاسی عمل کے ذریعے ہونا چاہیے۔ صوبے کے تمام سیاسی، سماجی اور قبائلی حلقوں کو مل کر بلوچستان میں امن، ترقی، خوشحالی اور سیاسی استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے صحافیوں کے اعزاز میں ظہرانے میں شرکت کرنے پر تمام صحافیوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ صحافی برادری کے ساتھ رابطے اور تعاون کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

بقیہ 54

ٹمبرانی جلھرانی کو دبوچ لیا، مذکورہ ڈکیتی کی واردات میں مجموعی طور پر ایک کروڑ 46 لاکھ روپے لوٹے گئے تھے۔ اس مقدمے میں نادر شاہ نامزد جبکہ پانچ ملزمان نامعلوم تھے۔ پولیس حکام کے مطابق، واقعے کی سنگین نوعیت کو دیکھتے ہوئے خصوصی جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیمیں (JIT) تشکیل دی گئی تھیں۔ پولیس نے پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزم بیٹا عرف رحمت اللہ کو گرفتار کیا، جس کی نشاندہی اور قبضے سے ڈکیتی کی رقم میں سے 50 لاکھ روپے برآمد کر لیے گئے۔ اس کے علاوہ ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس ٹی ٹی پسٹل بھی ضبط کیا گیا ہے۔ پولیس نے ملزم کے گھر پر چھاپہ مار کر مزید اہم شواہد اور اشیاء بھی قبضے میں لے لی ہیں۔ گرفتار ملزم کے خلاف مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، جبکہ مقدمے میں نامزد دیگر مفرور ملزم نادر شاہ اور نامعلوم شرکا کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایس ایس پی جیکب آباد نے اندھے ڈکیتی کیس کو ٹریس کر کے ملزمان کو قانون کی گرفت میں لانے پر شاہین فورس کے انچارج طارق ترین، انچارج سی آئی اے عمر الدین بنگلانی اور انچارج آئی ٹی عامر چھلگری کو شاباش دی ہے۔ انہوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاروں کے لیے 5 لاکھ روپے نقد انعام اور تعریفی اسناد دینے کے احکامات جاری کیے ہیں۔

بقیہ 55

مطابق آوارہ کتوں کے کاٹنے سے اب تک متعدد بچے اور شہری زخمی ہو چکے ہیں، جبکہ گلیوں اور سڑکوں پر کتوں کے آزادانہ گھومنے سے کسی بھی وقت مزید ناخوشگوار واقعہ پیش آنے کا خدشہ ہے۔ عوامی حلقوں نے میونسپل کارپوریشن چمن اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مؤثر کارروائی کی جائے تاکہ شہریوں، خصوصاً بچوں کو اس خطرے سے محفوظ بنایا جاسکے۔

بقیہ 56

کراچی کو باقاعدہ مراسلہ جاری کرتے ہوئے مریضہ کا علاج سرکاری اخراجات پر کرنے کی ہدایت کی ہے اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان غریب اور مستحق مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کو خصوصی اہمیت دے رہے ہیں۔ حکومت بلوچستان کسی بھی مستحق مریض کو علاج کی بنیادی سہولت سے محروم نہیں رہنے دے گی انہوں نے کہا کہ پاپو بی بی کے علاج کیلئے سرکاری اخراجات کی منظوری وزیراعلیٰ بلوچستان کے عوام دوست اور انسان دوست وژن کا عملی ثبوت ہے۔ حکومت مشکل کی گھڑی میں اپنے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور مستحق افراد کی ہر ممکن مدد جاری رکھی جائے گی محکمہ صحت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق مریضہ کے علاج کی اجازت ایک ماہ کیلئے مؤثر ہوگی، جبکہ کینسر کے علاج کے سلسلے میں او پی ڈی (OPD) کی سہولت بھی اس منظوری میں شامل ہے عوامی و سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کے اس انسانی ہمدردی پر مبنی اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ سرکاری تعاون سے مریضہ کو بروقت اور معیاری علاج کی سہولت میسر آئے گی۔

مختصر اشتہارات

اطلاع گمشدگی

میرا شناختی کارڈ نمبر 5160247617913 اور اے ٹی ایم کارڈز بنام محمد اکبر لہڑی ولد مہیم خان لہڑی بازار میں کہیں گم کر گئے ہیں۔ ملنے پر موبائل نمبر 03368326350 پر اطلاع دیں۔

المشتہر: محمد اکبر لہڑی

بقیہ 57

رئیسانی صاحب کے والد کی وفات پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم تمام سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کو بے حساب مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 58

رئیسانی صاحب کے والد کی وفات پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم تمام سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کو بے حساب مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 59

، کاشف خان نیازی، راشد خان نیازی، ناصر نیازی، یاسر نیازی کے والد، اور عدنان خان نیازی کے چچا، لیاقت علی خان نیازی رضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 60

سید عصمت اللہ شاہ کو ہار پہنا کر انھیں ان کی سیٹ پر بٹھا دیا اور انھیں مبارک باد پیش کی ڈی ڈی ای او تفتان حافظ شیر احمد بلوچ، ای ڈی آئی چاغی حمید اللہ جتی، سابقہ یوسی چیئرمین سردار محمد وسیم خان سنجرانی، ٹھیکیدار عبدالسلام بڑیچ، حاجی شوکت علی اکازئی، جی ٹی اے پی رخشان ڈویژن کے سینئر نائب صدر محمد خیر بڑیچ، سیکنڈ ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول سرگیشہ غلام قادر برہان زئی، ملک فتح محمد نوتیزئی، محمد یعقوب ریکی، شاہ نذر نوتیزئی، سعید احمد ریکی، سرفراز گلشن سمیت دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر قبائلی رہنماء و جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی ناظم عمومی سردار نجیب سنجرانی، جی ٹی اے پی کے ضلعی صدر خلیفہ نذیر چھپاڑی اور دیگر نے کہا کہ آغا سید عصمت اللہ شاہ ایک سینئر اور تجربہ کار آفیسر ہیں امید ہے کہ موصوف علاقے میں تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے بہتر وقت اپنا کردار ادا کریں گے نئے ڈی ای او چاغی سید عصمت اللہ شاہ نے تمام معززین اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا کہ جنھوں نے تقریب میں شرکت کر کے انھیں عزت بخشی، آغا سید عصمت اللہ شاہ نے مذید کہا کہ یہاں کے عوام، معتبرین اور والدین کے اعتماد کو ہر گز ٹھیس نہیں پہنچائیں گے اور ضلع چاغی میں تعلیم کے فروغ اور اساتذہ کے مسائل کو حل کرنے میں بروقت اپنا کردار ادا کریں گے

بقیہ 61

غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے واشک پریس کلب کی کابینہ نے کہا کہ حاجی محمد عارف کے جواں سال بیٹے زین جان کی شہادت کی افسوسناک خبر نے صحافی برادری سمیت ہر صاحب احساس شخص کو غمزدہ کر دیا ہے۔ ایک خاندان کے نوجوان فرد کا اس طرح المناک طور پر دنیا سے رخصت ہونا ناقابل تلافی نقصان ہے، جس پر واشک پریس کلب کی پوری کابینہ حاجی محمد عارف، ان کے اہل خانہ اور دیگر متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے انہوں نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ شہید زین جان سمیت تمام جاں بحق افراد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو یہ ناقابل برداشت صدمہ حوصلے اور صبر کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے واشک پریس کلب کی کابینہ نے متعلقہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی صاف، شفاف، غیر جانبدارانہ اور مکمل تحقیقات کی جائیں، حملے کے تمام محرکات اور پس پردہ حقائق کو سامنے لایا جائے اور واقعے میں ملوث عناصر کی نشاندہی کر کے انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے، تاکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف مل سکے اور آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو کابینہ نے مزید کہا کہ صحافی معاشرے میں عوام کی آواز بن کر اپنے فرائض انجام دیتے ہیں اور مشکل ترین حالات میں بھی حقائق عوام تک پہنچانے کی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔ صحافی برادری کے جان و مال کا تحفظ ریاست اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی صحافی، میڈیا ورکر یا ان کے اہل خانہ کو عدم تحفظ کا سامنا نہیں ہونا چاہیے واشک پریس کلب کی کابینہ نے حکومت اور متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ صحافیوں کے تحفظ کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں، حساس علاقوں میں سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے آخر میں واشک پریس کلب کی کابینہ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید زین جان اور دیگر شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین، اہل خانہ اور متاثرہ خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 62

ایڈیشنل ڈائریکٹر نے ایس ایس بی فنڈ (School Specific Budget) کے تحت اسکول میں کرائے گئے تعمیراتی اور مرمتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اسکول میں ہونے والے کام کے معیار کی تعریف کرتے ہوئے اپنے مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ محمد بریل شیخ کا کہنا تھا کہ فنڈز کا درست استعمال اور تعمیراتی کاموں کا اعلیٰ معیار اسکول کی ترقی اور طلباء کی بہتری کے لیے انتہائی ضروری ہے، جس پر انہوں نے اسکول انتظامیہ کی محنت کو سراہا۔

بقیہ 63

ایسوسی ایشن آئینی اساتذہ کے مسائل کے حل کیلئے ہر سطح پر کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور تعلیمی نظام کی بہتری میں ان کا بنیادی کردار ہے، اس لیے حکومت اور متعلقہ حکام کو اساتذہ کے جائز مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی اساتذہ کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور اس سلسلے میں متعلقہ حکام سے رابطے کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 64

جنہیں آج بھی علاقے کے عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور یاد رکھتے ہیں۔ سیاسی، سماجی و عوامی حلقوں نے کہا کہ میر چنگیز خان جمالی عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دیتے رہے ہیں۔ کیونکہ میر چنگیز خان جمالی عوام کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتے ہیں اور اسی وجہ سے وہ عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ سیاسی، سماجی و عوامی حلقوں نے کہا کہ ان شاء اللہ آنے والے انتخابات میں عوام اپنے ووٹ کی طاقت کے ذریعے میر چنگیز خان جمالی کو دوبارہ کامیاب بنا کر اعلیٰ ایوان میں بھیجے گی، جہاں وہ ماضی کی طرح عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 65

بازئی ایک باصلاحیت اور زیرک سیاسی شخصیت تھے، جن کی سیاسی بصیرت، عوامی خدمات اور اپنے علاقے کیلئے کاوشیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور باعث صدمہ ہے۔ اس مشکل اور غم کی گھڑی میں وہ مرحوم کے اہل خانہ اور تمام سوگواران کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ میر ظہور احمد بلیدی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم سینیٹر نصیب اللہ بازئی کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ رب العزت سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی ہمت، حوصلہ اور صبر جمیل عطا فرمائے۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو ڈی جی MERC1122 ذوالفقار جتوئی مرک کے دورے کے موقع پر بریفنگ دے رہے ہیں

محکمہ مواصلات وتعمیرات کی 74 مختلف کیٹگریز کی تقریباً پانچ ہزار آسامیاں ختم کردی گئی

جدید دور میں جدید مشینری اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے باعث ان کاموں کی نوعیت تبدیل ہوگئی ہے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ مواصلات وتعمیرات حکومت بلوچستان کی جانب سے ایک تاریخی اقدام اٹھاتے ہوئے محکمہ میں موجود 74 مختلف کیٹگریز کی تقریباً پانچ ہزار ایسی آسامیاں ختم کردی گئی ہیں جن کا عملی کردار دورِ حاضر کی جدید ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے باعث مکمل طور پر ختم ہو چکا تھا اور مستقبل میں بھی ان آسامیوں کی ضرورت باقی نہیں رہی محکمہ مواصلات وتعمیرات (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

کمشنر مکران اور ڈپٹی کمشنر کیچ کا تربت میں زیرِ تعمیر نئے کمشنر مکران آفس کمپلیکس کا دورہ

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ اور ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے تربت میں زیرِ تعمیر نئے کمشنر مکران آفس کمپلیکس کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر مکران نے کمپلیکس (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

فیصلہ ساز اقدامات فوری طور پر نافذ کیے جائیں گے، شکیل قادر

صوبائی وسائل کی شفاف اور منظم مینجمنٹ کیلئے کموڈیٹی مینجمنٹ میں جدید پالیسیوں کو اپنانا ناگزیر ہے

سرکاری خدمات کو عوام تک بروقت اور مؤثر انداز میں پہنچانے کیلئے ڈیجیٹل نظام کو مزید وسعت دی جائے' چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرِ صدارت صوبے کے مختلف محکموں کی دو سالہ کارکردگی جائزہ رپورٹس کے حوالے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپورٹس، لاء، کلچر اور کموڈیٹی مینجمنٹ کے محکموں کی تفصیلی رپورٹیں پیش کی گئیں اور مستقبل کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے محکموں میں اصلاحات اور ڈیجیٹائزیشن کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی کہ سرکاری (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میڈیا فورم کا مرکزی سیشن، اہم فیصلوں کا اعلان

صوبے بھر میں میڈیا سے وابستہ کسی فرد سے ناانصافی برداشت نہیں کریں گے قیوم بلوچ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کا پہلا مرکزی سیشن مرکزی صدر قیوم بلوچ کی صدارت میں کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ جس میں فورم کی مرکزی کابینہ، مرکزی عہدیداران، اراکین سینٹرل کمیٹی اور بلوچستان کے مختلف علاقوں سبی، مچھ بولان، بھاگ، صحبت پور، بختیارآباد، ڈیرہ مراد جمالی، گوادر اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے مرکزی ڈویژنل عہدیداران (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)


بلوچستان میڈیا فورم
پہلا مرکزی سیشن
میڈیا سے وابستہ کسی فرد سے ناانصافی برداشت نہ کرنے کا اعلان
بلوچستان میڈیا فورم
ڈیجیٹل میڈیا پالیسی مسترد
نامہ نگاران پر قائم مقدمات ختم کرنے کا مطالبہ
لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری ہے
صحافیوں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں
صحافیوں کے ساتھ ناانصافی بند کرو

بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ کے طلباء اور اساتذہ کے وفد کا نیب بلوچستان کا دور

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے 10 ستمبر 2026 کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ کے طلباء اور اساتذہ کے ایک وفد نے نیب بلوچستان کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت اسسٹنٹ (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

جیوانی میں پہلے اسسٹنٹ کمشنر آفس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

جیوانی (خ ن) جیوانی کو سب ڈویژن کا درجہ ملنے کے بعد انتظامی نظام کی فعالیت کی جانب اہم پیش رفت، تحصیل جیوانی میں پہلے اسسٹنٹ کمشنر آفس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام اور تحصیل چیئرمین اکرم شہزادہ نے فیتہ کاٹ کر آفس کا افتتاح کیا۔ تقریب میں سیاسی، سماجی وانتظامی شخصیات (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

حاجی نور محمد دمڑ کا سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سینیٹر نصیب اللہ بازئی ایک مدبر، زیرک اور (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں حقیقی عوامی نمائندگی کے بغیر بنیادی مسائل کا حل ممکن نہیں' میر نعیم عمرانی

نصیرآباد بلوچستان کا اہم زرعی خطہ ہے جہاں ہزاروں خاندانوں کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل کونسل کے رکن وضلعی جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ جب تک حقیقی عوامی نمائندے منتخب ہو کر اسمبلیوں میں نہیں پہنچیں گے، عوام کے بنیادی مسائل کا مؤثر حل ممکن نہیں۔ فارم 47 کے ذریعے آنے والے نمائندے عوامی مسائل کی مؤثر ترجمانی میں ناکام دکھائی دے رہے ہیں، جس کے باعث نصیرآباد ڈویژن بالخصوص ضلع اوستہ محمد اور تحصیل گنداخہ کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ ان (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت Own sources revenue کا اجلاس

محکمہ جاتی کارکردگی میں بہتری اور عوامی خدمات کی سہولت کیلئے ڈیجیٹائزیشن ناگزیر ہے، شکیل قادر

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت Own sources revenue کا اجلاس پیر کے روز منعقد ہوا جس میں مختلف محکموں کی ذاتی ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکموں کی جانب سے پیش کی گئی مالی کارکردگی، آمدنی کے مختلف شعبہ جات اور موجودہ ہندسوں کا تجزیہ کیا گیا۔ شرکاء نے محکموں میں ڈیجیٹائزیشن، آن لائن فیس کلیکشن اور شفافیت کے ذریعے آمدنی میں بہتری کے امکانات پر زور دیا۔ اجلاس میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال، ریکارڈ مینجمنٹ کے معیار کو بہتر بنانے اور ریونیو کلیکشن کے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

جامعہ گوادر کے شعبہ کامرس کے زیرِ اہتمام نئے داخل ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب

کامیابی کیلئے تعلیمی محنت، نظم وضبط، کردار سازی اور ہم نصابی سرگرمیوں میں فعال شرکت ضروری ہے

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ کامرس کے زیرِ اہتمام نئے داخل ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد نئے طلبہ کو جامعہ کے تعلیمی وسماجی ماحول سے روشناس کرانا اوران میں باہمی ہم آہنگی کا فروغ تھا تقریب میں رجسٹرار جامعہ گوادر ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات رحیم مہر، چیئرپرسن شعبہ کامرس زین العابدین، لیکچرر مجاہد (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرصدارت PTSMCs کے اہم اجلاس کا منعقد ہو رہا ہے

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیرِ صدارت والدین، اساتذہ اور اسکول انتظامی کمیٹیوں کا اہم اجلاس

تعلیمی اداروں کی کارکردگی، سہولیات اور مسائل کا جائزہ، اسکول انتظامی کمیٹیوں کو فعال بنانے کی ہدایت

چمن (محمد صدیق مدنی): ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت والدین، اساتذہ اور اسکول انتظامی کمیٹیوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع چمن کے سرکاری تعلیمی اداروں سے متعلق مختلف امور، اسکولوں کی کارکردگی اور تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسکولوں میں دستیاب سہولیات، طلبہ و اساتذہ کو درپیش مسائل، تعلیمی ماحول کی بہتری اور اسکولوں کے انتظامی معاملات سمیت مختلف امور پر تفصیلی غور وخوض کیا (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں غیرضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی' حسیب شجاع

تعمیراتی کام میں رفتار کے ساتھ ساتھ معیار پر بھی کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے بی ایس ڈی آئی (BSDI) فیز ٹو کے تحت زیرِ تعمیر ڈیجیٹل لائبریری اور خواتین کے جمنازیم کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام، معیار، رفتار اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے منصوبوں کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ انہیں تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال، استعمال ہونے والے میٹریل اور تکمیل کے مراحل سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ معائنہ کے دوران (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ہیڈ آفس مرک کے دورے کے موقع پر کنٹرول روم کا معائنہ کر رہے ہیں

ایکسائز ڈیپارٹمنٹ نے اس اہداف سے بڑھ کر ایک ارب 80 کروڑ کی ریکوری کر لی

محکمہ ایکسائز ساؤتھ زون کی انسداد منشیات وریونیو کلیکشن کے حوالے سے مؤثر اقدامات قابل تحسین ہیں' سائرہ عطاء

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز ساؤتھ زون کی انسداد منشیات وریونیو کلیکشن کے حوالے سے مؤثر اقدامات قابل تحسین ہیں تاہم انسداد منشیات کے حوالے سے لسبیلہ اور حب ڈسٹرکٹ میں منشیات بحالی مراکز کا قیام وقت اور حالات کا اہم تقاضا ہے بڑھتی ہوئی منشیات کی لت کی روک تھام کیلئے اس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے یہ بات انہوں نے لیڈا کانفرنس ہال میں ڈی جی ایکسائز ساؤتھ زون محمد زمان ترین کی (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں ملک دشمنوں اور بیرونی ایجنٹوں کیلئے صرف تباہی ہے، مینا مجید

بلوچستان کے غیور عوام صرف اور صرف ترقی، امن اور خوشحالی کے خواہاں ہیں

کوئٹہ (خ ن) مستونگ میں دہشت گردوں کا انجام اس بات کا حتمی اعلان ہے کہ بلوچستان میں ملک دشمنوں اور بیرونی ایجنٹوں کیلئے صرف تباہی ہے۔ صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے مستونگ میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب ترین آپریشن (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

سیوی میں خواتین کے مسائل کے فوری اور بروقت حل کیلئے خصوصی کھلی کچہری

سیوی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایت پر ضلع سیوی میں خواتین کے مسائل کے فوری اور بروقت حل کیلئے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا۔ خصوصی کھلی کچہری 16 ستمبر کو صبح 11 بجے سرکٹ ہاؤس سیوی میں منعقد ہوگی

زمینداروں کے جائز مسائل وتحفظات متعلقہ اعلیٰ حکام تک پہنچائے جائیں گے' مقبول احمد بلوچ

گوادر (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی زراعت دوست پالیسی کے تحت زمینداروں کو درپیش مسائل کے حل، زرعی شعبے کے فروغ اور پائیدار زراعت کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں تحصیل جیوانی اور گردونواح کے زمینداروں کے ایک وفد نے ڈپٹی (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

خواتین اور بچوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری ہے، ربابہ بلیدی

خواتین اور کم عمر متاثرین کو بروقت قانونی، سماجی اور ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے کیلئے مؤثر نظام ضروری ہے

صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں کا ویمن اینڈ جووینائل فسیلیٹیشن سینٹر کا دورہ‘ف شعبوں کا معائنہ کیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پیر کے روز ویمن اینڈ جووینائل فسیلیٹیشن سینٹر کا دورہ کیا اور مرکز کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اے آئی جی جینڈر اسرار احمد عمرانی اور سینٹر انچارج شازیہ عمران نے صوبائی مشیر کو مرکز کے مختلف شعبوں، خواتین اور کم عمر متاثرین کو فراہم کی جانے والی سہولیات، شکایات کے اندراج، قانونی معاونت اور دیگر متعلقہ اقدامات کے حوالے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

کمشنر لسبیلہ کا حب میں پانی بحران کے سنگین مسئلے کا نوٹس

دفعہ 144 کے نافذ کے باوجود ٹینکر مافیا کے خلاف فوری طور پر کریک ڈاؤن کیا جائے' سائرہ عطاء

حب (خ ن) ضلع حب میں پانی بحران کے سنگین مسئلے کا کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے نوٹس لیتے ہوئے ایریگیشن حکام کو احکامات جاری کی ہیں کہ حب شہر کو حب ڈیم سے اس کے حصہ کا واٹر شیئر دلانے کے لیئے سیکرٹری ایریگیشن کو لیٹر لکھا جائے کمشنر نے ایم ڈی لیڈا کے آفس میں ہنگامی میٹنگ کرتے ہوئے ایریگیشن حب کے ذمہ دار افسران، اسسٹنٹ کمشنر حب اور (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کمشنر مکران سے اور چیئرمین نیاز کیازئی اور وارث دشتی کی ملاقات

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ سے معروف سیاسی شخصیت اور چیئرمین نیاز کیازئی اور وارث دشتی نے پیر کے روز کمشنر آفس تربت میں ملاقات کی اور انہیں کمشنر مکران ڈویژن کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔

ڈائریکٹر جنرل نیب ڈائریکٹر نیب بلوچستان بمعہ دیگر شرکاء بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ کے طلباء سے نیب بلوچستان کے دفتر میں بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں

چاغی رخشان ڈویژن کے سیاسی وقبائلی شخصیات کی کراچی میں اہم سیاسی بیٹھک

ضلع چاغی کی مجموعی سیاسی وقبائلی اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

کراچی (نامہ نگار) نوتیزئی ہاؤس کراچی میں ضلع چاغی کے قدآور سیاسی وقبائلی شخصیت وسابقہ صوبائی وزیر جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما سخی میر امان اللہ خان نوتیزئی سے مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ اور سردار حاجی محمد گل بڑیچ کی خصوصی طور پر ملاقات اس موقع پر ممتاز بزنس مین مجید خان نوتیزئی، (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

سخی میر امان اللہ خان نوتیزئی سے مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ اور دیگر معززین ملاقات کر رہے ہیں

جامعہ گوادر کے شعبہ کامرس کے زیر اہتمام نئے داخل ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ کامرس کے زیرِ اہتمام نئے داخل ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد نئے طلبہ کو جامعہ کے تعلیمی وسماجی ماحول سے روشناس کرانا اور ان میں باہمی ہم آہنگی کا فروغ تھا تقریب میں رجسٹرار (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے مختلف سیاسی وقبائلی شخصیات کی نوتیزئی ہاؤس کراچی آمد

جہاں پر انہوں نے سابقہ صوبائی وزیر سخی میر امان اللہ خان نوتیزئی کی عیادت کی اہم شخصیات میں مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ، سابقہ وفاقی وزیر سردار فتح محمد محمد حسنی (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

گوادر میں افرادِ باہم معذوری کی رجسٹریشن اور معذوری سرٹیفکیٹس کے اجراء کیلئے میڈیکل بورڈ کا اجلاس

گوادر (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی خصوصی افراد کی فلاح وبہبود، سماجی تحفظ اور انہیں معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کی پالیسی کے تحت میڈیکل سوشل سروسز سنٹر، میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں افرادِ باہم معذوری کی رجسٹریشن اور معذوری سرٹیفکیٹس کے اجراء کیلئے میڈیکل بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا میڈیکل بورڈ کا اجلاس میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن کی زیرِ صدارت ہوا

بلوچستان مزید تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ میر رحیم جتک

صحافی معاشرے کا سب سے اہم طبقہ ہے۔ رہنما بی۔این۔پی کا صحافیوں کے اعزاز میں ظہرانہ کے موقع پر بات چیت

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قبائلی شخصیت میر عبدالرحیم جتک نے کہا ہے کہ بلوچستان مزید تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا، صوبے کے عوام پہلے ہی طویل عرصے سے مختلف سیاسی، انتظامی اور معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے عوام کی آواز کو سنجیدگی سے (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد پولیس کی بڑی کارروائی؛ ایک کروڑ 46 لاکھ روپے کی ڈکیتی کا مرکزی ملزم گرفتار

گرفتار ملزم بیٹا عرف رحمت اللہ کے قبضے سے لوٹی گئی رقم میں سے 50 لاکھ روپے اور بغیر لائسنس ٹی ٹی پسٹل برآمد

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) جیکب آباد پولیس نے کروڑوں روپے کی ڈکیتی کے سنگین کیس میں بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا ہے اور اس کے قبضے سے لاکھوں روپے کی نقدی اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا ہے۔ ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی کے سخت احکامات پر عمل کرتے ہوئے پولیس نے کارروائی کے دوران ایک کروڑ 46 لاکھ روپے کی ڈکیتی کے مقدمے میں ملوث اہم ملزم بیٹا عرف رحمت اللہ ولد حمزو (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

لیاقت علی خان نیازی مرحوم کی رسم سوئم ادا کردی گئی

کوئٹہ (پ ر) لیاقت علی خان نیازی کی رسم سوئم ادا کر دی گئی مرحوم شفیع محمد خان نیازی کے صاحبزادے، افتخار احمد نیازی کے چھوٹے بھائی، محمد عارف خان نیازی (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

چمن شہر میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوفزدہ

کالج روڈ، کلی محمد حسن، ٹھیکیدار چوک، سپین چوک اور گھوڑا ہسپتال روڈ سمیت مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کا راج

چمن (محمد صدیق مدنی) چمن شہر کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں میں خوف وتشویش پیدا کردی ہے۔ کالج روڈ، کلی محمد حسن، ٹھیکیدار چوک، سپین چوک، گھوڑا ہسپتال روڈ سمیت دیگر علاقوں میں آوارہ کتے ٹولیوں کی شکل میں دندناتے پھر رہے ہیں، جس کے باعث شہریوں بالخصوص بچوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں کے (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

بیگ محمد رئیسانی اور قادر رئیسانی سے ان کے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کی صوبائی کابینہ نے تعزیتی بیان جاری کرتے ہوئے صوبائی چیف آرگنائزر جی ٹی اے آئینی بلوچستان میر قادر بخش رئیسانی صاحب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پچھی بیگ محمد رئیسانی صاحب۔ جاوید احمد (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

حکومت مشکل کی گھڑی میں اپنے عوام کے ساتھ کھڑی ہے' نور محمد دمڑ

محکمہ صحت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق مریضہ کے علاج کی اجازت ایک ماہ کیلئے مؤثر ہوگی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر برائے محکمہ کموڈیٹی مینجمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی خصوصی سفارش پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ضلع ہرنائی سے تعلق رکھنے والی کینسر کی مریضہ محترمہ پاپو بی بی زوجہ شین گل خان کے علاج کیلئے سرکاری خرچ پر فنڈز کی فوری منظوری دے دی وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر محکمہ صحت نے ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم لیوی میں مسلسل اضافہ عوام پر معاشی بوجھ ہے' سید امان شاہ

موٹر سائیکل اور آٹو رکشہ والوں کیلئے وزیراعظم کا اعلان مضحکہ خیز ہے۔ عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے پٹرولیم لیوی میں اضافے اور وزیراعظم کی جانب سے موٹر سائیکل اور آٹو رکشہ استعمال کرنے والوں کیلئے اعلان کردہ نام نہاد ریلیف پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل نئے ٹیکسز اور لیویز عائد کرکے پہلے سے مہنگائی اور معاشی مشکلات کا شکار عوام کی زندگی اجیرن بنا رہی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، یتیم اور بے سہارا بچیوں نے تعلیم کے ساتھ ہنرمندی میں بھی اپنی صلاحیتیں ثابت کر دیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں یتیم اور بے سہارا بچیوں نے تعلیم کے ساتھ ہنرمندی میں بھی اپنی صلاحیتیں ثابت کر دیں۔ ایس او ایس ولیج کی 10 بچیوں نے ایک سالہ بیوٹیشن کورس مکمل کرلیا، ایس او ایس ولیج کی تاریخ میں (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

ملک میں جمہوریت، آئین اور پارلیمنٹ عملاً یرغمال بن چکے ہیں' عبدالرحمٰن رفیق

جمہوریت محض انتخابات نہیں بلکہ عوام کے حقِ حکمرانی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کا نام ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محبّ اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

سید خلیل الرحمان کے عوامی مسائل کیلئے آواز اٹھانے کا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا' نسیم الرحمٰن

لاہور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے گزشتہ روز لاہور کے دورے کے دوران روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل میٹی، سینئر صحافی سید خلیل الرحمان مرحوم کے بھائی سید احمد علی کی رہائش گاہ پر (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

نظر محمد شہید کے قتل کا معمہ حل، مبینہ مرکزی قاتل گرفتار

چمن میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کارکن کے قتل کیس میں اہم پیش رفت، ملزم سے تفتیش جاری

چمن (محمد صدیق مدنی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کارکن نظر محمد شہید کے قتل کے کیس میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے قتل کے مبینہ مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نظر محمد شہید کے قتل کے واقعے کی تحقیقات جاری ہیں، جبکہ گرفتار مبینہ ملزم سے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔ تاہم حکام کی جانب (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

وندر' مسافر کوچ اور ایل پی جی گیس باؤزر کے مابین ہولناک تصادم

گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر جاں بحق' کوچ میں سوار مرد خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) وندر، کھرکھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب المحمود مسافر کوچ اور ایل پی جی گیس باؤزر کے مابین ہولناک تصادم دونوں گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر جاں بحق جبکہ کوچ میں سوار مرد خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں 4 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پیر کی صبح کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 پر وندر کے علاقے کھرکھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب المحمود مسافر (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

وندر' مسافر کوچ اور ایل پی جی باؤزر کے تصادم کے نتیجے میں جاں بحق افراد کی لاشیں ہسپتال میں رکھی ہوئی ہیں

جمہوری طرزِ حکمرانی کو صرف انتخابی عمل تک محدود نہیں کیا جاسکتا، زرین مگسی

اختلافِ رائے کو تصادم میں تبدیل کرنے کے بجائے مکالمے اور آئینی طریقہ کار کے ذریعے آگے بڑھنا ایک پختہ جمہوری معاشرے کی علامت ہے

پاکستان جیسے متنوع معاشرے میں جمہوری استحکام کیلئے مختلف سیاسی، سماجی اور ثقافتی نقطہ ہائے نظر کو جگہ دینا ضروری ہے' پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (خ ن) عالمی یوم جمہوریت کی مناسبت سے پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، ثقافت وسیاحت بلوچستان نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ جمہوریت کی اصل طاقت صرف ووٹ ڈالنے کے عمل میں نہیں بلکہ اس بات میں ہے کہ شہریوں کی آواز حکومتی فیصلوں، قانون سازی اور پالیسی سازی میں کتنی مؤثر طریقے سے شامل ہوتی ہے۔ ایک مضبوط جمہوری نظام وہ ہے جہاں قانون سب کیلئے یکساں ہو، بنیادی (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

آغا سید عصمت اللہ شاہ ڈی او ای چاغی تعینات

موصوف علاقے میں تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے ہر وقت اپنا کردار ادا کریں گے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) آغا سید عصمت اللہ شاہ نے بطور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (ڈی او ای) چاغی کے عہدے کا چارج سنبھال لیا اس موقع پر ایجوکیشن آفس میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران ممتاز سیاسی وقبائلی شخصیت وجمعیت علمائے اسلام کے ضلعی ناظم عمومی سردار نجیب سنجرانی، جی ٹی اے بی چاغی کے صدر خلیفہ نذیر ہیچباڑی سمیت دیگر نے نئے ڈی او ای چاغی (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

آغا سید عصمت اللہ شاہ بطور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن چاغی کے عہدے کا چارج سنبھالنے کے موقع پر تقریب کے شرکاء

میر ظہور احمد بلیدی کا سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ سینیٹر نصیب اللہ (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

میر چنگیز خان جمالی عوام کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتے ہیں' سماجی وسیاسی حلقے

میر چنگیز خان جمالی عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) سیاسی سماجی وعوامی حلقوں نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق صوبائی صدر اور سابق وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے اپنے دورِ اقتدار میں عوام کی فلاح وبہبود کیلئے متعدد اہم اقدامات اور ترقیاتی کام کیے، (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: ایڈیشنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کا گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول محمد پور اوڈھو کا دورہ

معیار کے مطابق کام ہونے پر اسکول انتظامیہ کی تعریف، بہترین کارکردگی پر اطمینان کا اظہار

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) ایڈیشنل ڈائریکٹر ایجوکیشن لاڑکانہ محمد پریل شیخ نے دوداپور کے قریب گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول محمد پور اوڈھو کا اچانک دورہ کیا ہے۔ دورہ کے آغاز میں اسکول کے پرنسپل پروفیسر محمد زکریا قریشی اور ایف اے محمد مشتاق جکھرانی نے مہمان افسر کا شاندار استقبال کیا اور انہیں اسکول کے مختلف حصوں کا دورہ کروایا۔ اس موقع پر (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

اساتذہ مختلف مسائل کا شکار، حل کیلئے بھرپور کوششیں جاری ہیں۔ فضل محمد کاکوزئی

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی اساتذہ کے جائز مسائل کے حل اور حقوق کے تحفظ کیلئے کوشاں ہے ضلعی صدر جی ٹی اے

چمن (محمد صدیق مدنی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی ضلع چمن کے صدر فضل محمد کاکوزئی نے کہا ہے کہ اساتذہ کرام اس وقت مختلف مسائل اور مشکلات کا شکار ہیں جن کے باعث انہیں اپنے فرائض کی انجام دہی میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ گورنمنٹ ٹیچرز (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

صدر حاجی محمد عارف کے جواں سال بیٹے کی شہادت پر واشک پریس کلب کا اظہارِ تعزیت

واشک (نامہ نگار) واشک پریس کلب کی کابینہ نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں خاران پریس کلب کے صدر وسینئر صحافی حاجی محمد عارف کے جواں سال بیٹے شہید زین جان اور ان کے ساتھیوں پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعے پر گہرے رنج (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

پانی کی شدید قلت اور مسلسل عدم فراہمی کے خلاف گنداخہ کے مین چوک پر تین روزہ احتجاجی کیمپ قائم

کئی علاقوں میں انسانوں اور مویشیوں کے لیے پینے کا پانی بھی نایاب ہوگیا ہے

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل گنداخہ کے زیر اہتمام امیر مولانا امان اللہ حقانی کی نگرانی میں کھیرتھر کینال سے نکلنے والی گنداخہ شاخ سمیت دیگر ذیلی نہروں، شاخوں اور مائنروں کے ٹیل علاقوں میں پانی کی شدید قلت اور مسلسل عدم فراہمی کے خلاف گنداخہ (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

روزہ
احتجاجی کیمپ

گنداخہ' جے یو آئی کا گنداخہ کے ٹیل علاقوں میں پانی کی قلت کیخلاف تین روزہ احتجاجی کیمپ قائم' کارکنان' زمینداروں اور کاشتکاروں کی شرکت

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے عہدیداران کا جعفر صادق طاہر طاہری سے خصوصی ملاقات

صاحبزادہ جعفر صادق طاہر طاہری نے مختلف اہم امور پر قیمتی رہنمائی اور مفید مشورے دیے

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے مرکزی عہدیداران نے چیئرمین روحانی طلبہ جماعت پاکستان و مرکزی صدر جماعت اصلاح المسلمین، صاحبزادہ جعفر صادق طاہر طاہری سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران تنظیمی امور، جماعتی سرگرمیوں، آئندہ کے لائحۂ عمل اور تنظیم کو مزید فعال و مؤثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر صاحبزادہ جعفر صادق طاہر طاہری نے مختلف اہم امور پر قیمتی رہنمائی اور مفید مشورے دیے، جبکہ تنظیمی ذمہ داران کی جانب سے انجام دی جانے والی کاوشوں اور خدمات کو سراہا۔



ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے مختلف اخباروں کے ایڈیٹرز ملاقات کر رہے ہیں